حکومتِ کرناٹک

انوارِ اُردو

Anwaar-E-Urdu

Urdu 3rd Language

Ninth 9 Standard

اُردو زبان سوم نصابی کتاب برائے
نویں جماعت

© KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

KARNATAKA TEXT BOOK SOCIETY (R)
6th Cross, Malleshwaram
Bengaluru - 560 003

نصابی کمیٹی برائے نویں جماعت زبانِ اُردو سوّم

1. محترمہ شمشاد شمع، بی.یس سی، ایم.اے، بی ایڈ — صدر
لکچرر شعبۂ اُردو، سری سدھ گنگا ڈگری کالج برائے خواتین، ٹمکورو

2. فیروز پاشاہ، ایم.اے.(ایم .ای.یس) ایم.اے.(تاریخ) — رکن
اردو منشی. بی.ایڈ. وائس پرنسپل گورنمنٹ کالج، بسگر ہلّی، مدور تعلق، منڈیا

3. سیدہ رخسانہ بلقیس، سینئر لکچرر، ڈائٹ — رکن
راجاراجیشوری نگر، میسور روڈ، بنگلورو

4. یس. محمد حفیظ اللہ جامعی آلوری — رکن
ایم.اے. اردو۔ بی.ایڈ. اردو منشی، مولوی فاضل
منشی فاضل۔ نائب مدرس، عربک ہائی اسکول، منڈیکل، چکبالا پور

5. خلیل احمد، ایم.اے. بی.ایڈ — رکن
لکچرر، بدریہ. پی. یو. کالج. خندق، منگلورو

6. شری مٹاپتی، مصوّر ڈرائنگ ٹیچر — رکن
گورنمنٹ ہائی اسکول، بیٹارائن پورہ، میسور روڈ، بنگلورو

7. ڈاکٹر یاسمین محمدی بیگم، ایم.اے. پی.ایچ.ڈی. — تنقیح کار
اسوسیٹ پروفیسر، صدر شعبۂ اردو، بنگلور یونی ورسٹی، بنگلورو

ایڈیٹوریل بورڈ

پروفیسر خالد سعید، صدر، شعبۂ اردو ، مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، حیدرآباد - 32

ڈاکٹر مہ نور زمانی بیگم، سابق صدر، شعبۂ اُردو بنگلورو یونیورسٹی۔

..... صلاح کار .....

☆ شری ناگیندرا کمار
مینیجنگ ڈائرکٹر،
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

☆ شری موڈمبڑی تایا
کوآرڈینیٹر،
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

☆ شرمتی ناگامنی سی
ڈپٹی ڈائرکٹر،
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

☆ شری پانڈورنگا
سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر،
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Preface

The Textbook Society, Karnataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi prepared which in turn are designed based on NCF – 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 11 languages; seven of them serve as the media of instruction. From standard 1 to 4 there is the EVS, Maths and Languages 5th to 10th there are three core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF – 2005 has a number of special features and they are:

- Connecting knowledge to life activities
- Learning to shift from rote methods
- Enriching the curriculum beyond textbooks
- Learning experiences for the construction of knowledge
- Making examinations flexible and integrating them with classroom experiences
- Caring concerns within the democratic policy of the country
- Make education relevant to the present and future needs.
- Softening the subject boundaries integrated knowledge and the joy of learning.
- The child is the constructor of knowledge

The new books are produced based on three fundamental approaches namely.

Constructive approach, ***Spiral*** Approach and ***Integrated*** approach. The learner is encouraged to think, engage in activities, masters skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the total development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country India.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Language textbooks are designed to help learners master communicative competencies, excellent comprehension, meaningful expression and efficient reference skills.

English is studied by most students as the second language. Teachers have to keep in mind the three fundamental approaches based on which the readers have been designed and adapt their teaching methods and help learners master language skills and competencies and help them become excellent users of English.

Schools in Karnataka offer seven languages as media of instruction and eight as first languages and ten languages are offered as third language. The objective is to help the learners to use these languages efficiently at the communicative level. It is hoped that at least a cross section of learners achieve competencies to use these languages at the creative level.

Teachers are expected to adapt their teaching methods not to make these textbooks just feed materials for examinations, but help learners master language competencies such as communication, comprehension, expression in writing and necessary reference skills.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, and printers in helping the Text Book Society in producing these textbooks.

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Prof. G S Mudambadithaya
Co - ordinator
Curriculum Revision and Textbook Preparation
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

پیش لفظ

حکومت کی جانب سے آئے دن نت نئی تعلیمی پالیسیاں لاگو ہوتی رہتی ہیں جن کا واحد مقصد بہتر سے بہتر انداز میں طلبہ وطالبات کو علم سے ہم آہنگ کرنا اور علم کی روشنی سے منور کرنا ہوتا ہے۔ این.سی.ایف۔2005ء کی روشنی میں جن صلاحیتوں کے فروغ پر زور دیا گیا ہے، اُن کے حصول کے لیے یہ درسی کتاب تیار کی گئی ہے۔ زبانِ سوّم بہ نسبت زبانِ اوّل کے ہلکی پھلکی ہونی چاہئے۔ لہٰذا طلبہ وطالبات کی ذہنی صلاحیتوں کے مدّنظر اس کے نثری وشعری اسباق ترتیب دیئے گئے ہیں۔ اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ اس کا ہر ایک سبق نہایت آسان، سلیس، رواں اور دلچسپ ہو، اور طلبہ میں اردو زبان سیکھنے کا جذبہ پیدا ہو۔ ہمارے تربیت یافتہ اساتذہ سے یہ امید کی جاتی ہے کہ وہ اپنے تجربات کی روشنی میں اس کتاب کے اسباق کی تدریس میں جدید سے جدید تر اسلوب کو اپناتے ہوئے اردو زبان کے سیکھنے کا جذبہ طلبہ کے اندر پیدا کریں۔ تو ہم سمجھتے ہیں کہ ہماری یہ کوشش رائیگاں نہیں گئی۔

اس موقع پر زبان سوّم اُردو کی نصابی کمیٹی کرناٹک ٹکسٹ بُک سوسائٹی کے مینیجنگ ڈائرکٹر ناگیندرا کمار اور ٹکسٹ بُک کمیٹی کے ڈی.ڈی.پی.آئی (انچارج) شری پانڈورنگا، یس.اے.ڈی.پی.آئی.کی سپاس گذار ہے کہ ان کی ہر مرحلے پر پیش کردہ تجاویز کو عملی جامہ پہناتے ہوئے یہ کتاب پایہ تکمیل تک پہنچی ہے۔

صدر وارا کین

نصابی کمیٹی برائے نویں جماعت

زبانِ سوّم

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مجالسِ نظرثانی برائے نصابی کتاب

صدرمجالس:

پروفیسر برگوراما چندرپّا، مجلسِ نظرثانی برائے ریاستی نصابی کتاب، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو-

مجلسِ نظرثانی

صدر:

ڈاکٹر جہاں آرا بیگم، وظیفہ یاب اُردو پروفیسر، # 89 کے۔یس۔آر۔ٹی۔سی لے آوٹ، بنّی منٹپ، میسورو-

اراکین:

ڈاکٹر انیس صدیقی، لکچرر، نیشنل پی یو کالج، ہفت گنبد، کلبرگی-585104

محترمہ نورنسیمہ بانو، اُردو معلمہ، بائی فرکیٹڈ مہاراجا گورنمنٹ جونیر کالج نظرآباد، میسورو-570 010

محترمہ نورا سماء، اُردو معلمہ، (ہائی اسکول سکشن) گورنمنٹ جونیر کالج، ملولی، ضلع منڈیا۔

محترمہ یس۔اے سوداگر، معاون معلمہ، گورنمنٹ گرلس اردو ہائر پرائمری اسکول، شگّاوی، ضلع ہاویری۔

محترم اعجاز احمد۔ایم مورب، معاون معلّم، گورنمنٹ اُردو ہائی اسکول، شگّاوی، ضلع ہاویری۔

اعلیٰ مجلسِ نظرثانی

پروفیسر نورالدین، وظیفہ یاب پروفیسر، نمبر 1/13، سیکٹر 14، جیون بھیما نگر، بنگلورو-560 007

پروفیسر محمد اعظم شاہد، پروفیسر، گورنمنٹ فرسٹ گریڈ کالج، یلہنکا، بنگلورو-560 094

میر صلاح کار:

شری یم۔پی۔مادھے گوڈا : مینیجنگ ڈائرکٹر کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

شریمتی اُشا یم۔ڈی : ڈپٹی ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

پروکرام کوآرڈینیٹر:

شری موہن کمارا۔بی : سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಕುರಿತು

ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಬಗ್ಗೆ ಪ್ರಕಟಗೊಂಡ ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಗಮನಿಸಿ ಮಾನ್ಯ ಮುಖ್ಯಮಂತ್ರಿಯವರೂ ಅರ್ಥಸಚಿವರೂ ಆಗಿರುವ ಶ್ರೀ ಸಿದ್ದರಾಮಯ್ಯನವರು ತಮ್ಮ ೨೦೧೪–೧೫ ರ ಬಜೆಟ್‌ನಲ್ಲಿ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ರಚಿಸುವ ಘೋಷಣೆ ಮಾಡಿದರು. ತಜ್ಞರು ಅನುಸರಿಸಬೇಕಾದ ಮೂಲ ಆಶಯವನ್ನು ಹೀಗೆ ಹೇಳಿದರು: "ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯ, ನೈತಿಕಮೌಲ್ಯಗಳು, ವ್ಯಕ್ತಿತ್ವವಿಕಸನ, ವೈಜ್ಞಾನಿಕ ಮತ್ತು ವೈಚಾರಿಕ ಮನೋಭಾವ, ಜಾತ್ಯತೀತತೆ ಮತ್ತು ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಬದ್ಧತೆಗಳಿಗೆ ಅನುವಾಗುವಂತೆ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ಪುನರ್ ರಚಿಸಲಾಗುವುದು" ಇದು ಬಜೆಟ್ ಭಾಷಣದಲ್ಲಿ ಸಾದರಪಡಿಸಿದ ಆಶಯ.

ಆನಂತರ ಶಿಕ್ಷಣ ಇಲಾಖೆಯು ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಾಗಿ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ದಿನಾಂಕ: ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ ರಂದು ಆದೇಶಹೊರಡಿಸಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ವಿಷಯವಾರು ಮತ್ತು ತರಗತಿವಾರು ಮಾನದಂಡಕ್ಕನುಗುಣವಾಗಿ ರಚಿತವಾದವು. ವಿವಿಧ ಪಠ್ಯವಿಷಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರು, ಅಧ್ಯಾಪಕರು ಈ ಸಮಿತಿಗಳಲ್ಲಿದ್ದಾರೆ. ಈಗಾಗಲೇ ಲಿಖಿತವಾಗಿ ಬಂದಿರುವ ಅನೇಕ ಆಕ್ಷೇಪಗಳು ಮತ್ತು ವಿಶ್ಲೇಷಣೆಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿ, ತಪ್ಪು ಒಪ್ಪುಗಳ ಬಗ್ಗೆ ನಿರ್ಣಯಿಸಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ ಹೊಣೆಹೊತ್ತ ಈ ಸಮಿತಿಗಳಿಗೆ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪಠ್ಯವಸ್ತುವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸಿ ನಂತರ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ರ ಆದೇಶದಲ್ಲೇ ನೀಡಲಾಗಿತ್ತು. ಆನಂತರ ೧೯.೦೯.೨೦೧೫ ರಂದು ಹೊಸ ಆದೇಶ ಹೊರಡಿಸಿ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪುನರ್ ರಚಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ನೀಡಲಾಯಿತು. ಹೀಗೆ ಸಮಗ್ರ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೊಂಡ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ೨೦೧೬–೧೭ ರ ಬದಲು ೨೦೧೭–೧೮ನೇ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ವರ್ಷದಲ್ಲಿ ಜಾರಿಗೊಳಿಸಲಾಗುವುದೆಂದು ಇದೇ ಆದೇಶದಲ್ಲಿ ತಿಳಿಸಲಾಯಿತು.

ಅನೇಕ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳೂ ಸಂಘಟನೆಗಳೂ ಸ್ವಯಂಪ್ರೇರಿತರಾಗಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಮಾಹಿತಿದೋಷ, ಆಶಯದೋಷಗಳನ್ನು ಪಟ್ಟಿಮಾಡಿ ಶಿಕ್ಷಣ ಸಚಿವರಿಗೆ, ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘಕ್ಕೆ ಕಳುಹಿಸಿದ್ದರು. ಅವುಗಳ ಪರಿಶೀಲನೆಮಾಡಿದ್ದಲ್ಲದೆ, ಸಮಿತಿಗಳಾಚೆಗೆ ಅನೇಕ ಸಂವಾದಗಳನ್ನು ಏರ್ಪಡಿಸಿ ವಿಚಾರ ವಿನಿಮಯ ಮಾಡಿಕೊಂಡಿದ್ದೇವೆ. ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಮತ್ತು ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಅಧ್ಯಾಪಕರ ಸಂಘಗಳ ಜೊತೆ ಚರ್ಚಿಸಿದ್ದಲ್ಲದೆ ಪ್ರಶ್ನಾವಳಿ ಸಿದ್ಧಪಡಿಸಿ ಅಧ್ಯಾಪಕರಿಗೆ ನೀಡಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಸಂಗ್ರಹಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅಧ್ಯಾಪಕರು, ವಿಷಯಪರಿವೀಕ್ಷಕರು ಮತ್ತು ಡಯಟ್ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರ ಪ್ರತ್ಯೇಕ ಸಭೆಗಳನ್ನು ನಡೆಸಿ ವಿಶ್ಲೇಷಣಾತ್ಮಕ ಅಭಿಮತಗಳನ್ನು ಪಡೆಯಲಾಗಿದೆ. ವಿಜ್ಞಾನ, ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ, ಭಾಷೆ ಸಾಹಿತ್ಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರಿಗೆ ಮೊದಲೇ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಕಳುಹಿಸಿ ಆನಂತರ ಸಭೆ ನಡೆಸಿ ಚರ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಮಹಿಳಾ ಸಂಘಟನೆ ಹಾಗೂ ವಿಜ್ಞಾನ ಸಂಬಂಧಿ ಸಂಸ್ಥೆಗಳನ್ನು ಆಹ್ವಾನಿಸಿ ಚಿಂತನೆ ನಡೆಸಲಾಗಿದೆ. ಹೀಗೆ ಎಲ್ಲಾ ಮೂಲಗಳಿಂದ ಪಡೆದ ಅರಿವಿನ ಆಧಾರದ ಮೇಲೆ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಕಡೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸಲಾಗಿದೆ.

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಬಹುಮುಖ್ಯವಾದ ಇನ್ನೊಂದು ಸಂಗತಿಯನ್ನು ಇಲ್ಲಿ ಹೇಳಬೇಕು. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ (ಎನ್.ಸಿ.ಇ.ಆರ್.ಟಿ) ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ತೌಲನಿಕವಾಗಿ ಅಧ್ಯಯನ ಮಾಡಿ ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ನೀಡಲು ವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ ಮತ್ತು ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದಂತೆ ತಜ್ಞರ ಮೂರು ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಲಾಯಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ನೀಡಿದ ತೌಲನಿಕ ವಿಶ್ಲೇಷಣೆ ಮತ್ತು ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ಆಧರಿಸಿ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟವನ್ನು ಹೆಚ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಿಗಿಂತ ನಮ್ಮ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟ ಕಡಿಮೆಯಾಗದಂತೆ ಕಾಯ್ದುಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ. ಜೊತೆಗೆ ಆಂಧ್ರ, ತಮಿಳುನಾಡು, ಮಹಾರಾಷ್ಟ್ರ ರಾಜ್ಯಗಳ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ನಮ್ಮ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಇನ್ನೊಂದು ಸ್ಪಷ್ಟನೆಯನ್ನು ನೀಡಲು ಬಯಸುತ್ತೇನೆ. ನಮ್ಮ ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿರುವುದು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯೇ ಹೊರತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸಮಗ್ರ ರಚನೆಯಲ್ಲ. ಆದ್ದರಿಂದ ಈಗಾಗಲೇ ರಚಿತವಾಗಿರುವ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸ್ವರೂಪಕ್ಕೆ ಎಲ್ಲಿಯೂ ಧಕ್ಕೆಯುಂಟುಮಾಡಿಲ್ಲ. ಲಿಂಗತ್ವ ಸಮಾನತೆ, ಪ್ರಾದೇಶಿಕ ಪ್ರಾತಿನಿಧ್ಯ, ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಸಮಗ್ರತೆ, ಸಮಾನತೆ, ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯಗಳ ಹಿನ್ನೆಲೆಯಲ್ಲಿ ಕೆಲವು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಳು ನಡೆದಿವೆ. ಹೀಗೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವಾಗ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟು ಮತ್ತು ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟುಗಳನ್ನು ಮೀರಿಲ್ಲವೆಂದು ತಿಳಿಸಬಯಸುತ್ತೇವೆ, ಜೊತೆಗೆ ನಮ್ಮ ಸಂವಿಧಾನದ ಆಶಯಗಳನ್ನು ಅನುಸರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿದ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ಮತ್ತೊಮ್ಮೆ ಪರಿಶೀಲಿಸಲು ವಿಷಯವಾರು ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಪಡೆದು ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಹೀಗೆ ಕ್ರಮಬದ್ಧವಾಗಿ ನಡೆದ ಕೆಲಸಕ್ಕೆ ತಮ್ಮನ್ನು ತಾವು ಸಂಪೂರ್ಣ ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ಮತ್ತು ಸದಸ್ಯರನ್ನು ಹಾಗೂ ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನಾ ಸಮಿತಿಯ ಸಮಸ್ತರನ್ನು ಕೃತಜ್ಞತೆಯಿಂದ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಅಂತೆಯೇ ಸಮಿತಿಗಳ ಕೆಲಸ ಸುಗಮವಾಗಿ ನಡೆಯುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆಮಾಡಲು ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಾಗಿ ನಿಷ್ಠೆಯಿಂದ ದುಡಿದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಎಲ್ಲಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳನ್ನೂ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಸಹಕರಿಸಿದ ಸಿಬ್ಬಂದಿಗೂ ನಮ್ಮ ವಂದನೆಗಳು. ಅಭಿಪ್ರಾಯ ನೀಡಿ ಸಹಕರಿಸಿದ ಸರ್ವ ಸಂಘಟನೆಗಳು ಮತ್ತು ತಜ್ಞರಿಗೆ ಧನ್ಯವಾದಗಳು.

(ಎಂ.ಪಿ. ಮಾದೇಗೌಡ)
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫

(ಪ್ರೊ. ಬರಗೂರು ರಾಮಚಂದ್ರಪ್ಪ)
ಸರ್ವಾಧ್ಯಕ್ಷರು
ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫

NOT TO BE REPUBLISHED

X2N6P9

فہرست مضامین

نمبر شمار	سبق	صنف	مصنف	صفحہ نمبر
1	حمد	نظم	علامہ راشد الخیری	1
2	رہبرِ عالم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	نثر	ادارہ	5
3	نعت	نظم	نثار احمد کلیم	9
4	ماں کی خدمت	نثر	ماخوذ: اولیاء نمبر میگزین	12
5	مولانا ابوالکلام آزاد	نثر	پروفیسر رشید احمد صدیقی	16
6	ایماندار لڑکی	نثر	مجاز الاعظمی	20
7	یہ میرا وطن	نظم	جاں نثار اختر	23
8	وٹامن ضروری کیوں؟	نثر	ادارہ	26
9	چالاک طوطا	نثر	ماخوذ	32
10	بے مثال قربانی	نثر	ماخوذ	39
11	پہلے کام بعد میں آرام	نظم	تلوک چند محروم	42
12	کرناٹک کا تاریخی شہر وجیاپورہ	نثر	ماخوذ: تنویر اردو، حکومت کرناٹک	45
13	انٹرنیٹ	نثر	ادارہ	52
14	آدمی نامہ	نظم	نظیر اکبر آبادی	56
15	عقل مند قاضی (حکایت)	نثر	ماخوذ: حکایاتِ عزیمت۔ بدر عالم	59
16	غزل	نظم	مہ جبین نجم	65
17	لالچ بُری بلا ہے	نثر	ٹالسٹائی	68
18	خطوط نویسی	نثر	ادارہ	72
19	غزل	نظم	منیر احمد جامی	79
20	پہیلی	نظم	ماخوذ: اردو سیکھیں ہنسی خوشی-III-	81
	سیکھے ہوئے الفاظ		ادارہ	84

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:1

حمد

حمد جنابِ باری رکھو زباں پہ جاری
وہ خالقِ جہاں ہے وہ رازقِ جہاں ہے
حاکم ہے بحر و بر کا مالک ہے خشک و تر کا
فرشِ زمیں ہے اس کا عرشِ بریں ہے اس کا
شہنشاہِ دو جہاں ہے معبودِ اِنس و جاں ہے
ہر جا ظہور اس کا ہر شے میں نور اس کا
ہر چیز میں نِہاں ہے ہر چیز سے عیاں ہے
ممکن نہیں کسی سے تعریف اس کی لکھے
توصیف اس خدا کی
کیا لکھے مشتِ خاکی

علامہ راشد الخیریؔ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تعارف:

علامہ راشد الخیریؔ اُردو کے نامور شاعر اور مصنف تھے۔ انھوں نے بچّوں اور خواتین کی اصلاح اور تعلیم کے لیے کئی کتابیں لکھی ہیں۔ اس نظم میں انھوں نے خدا کی تعریف بڑی سادگی اور خلوص سے کی ہے۔ ان کی تصانیف میں سیدہ کا لال اور آمنہ کا لال قابلِ ذکر ہیں۔

I. الفاظ ومعانی:

حمد : خدا کی تعریف

خالق : پیدا کرنے والا

جہاں : دُنیا

رازق : رزق دینے والا

حاکم : حکومت کرنے والا

بحر : سمندر

بر : زمین

خشک : سوکھا

تر : گیلا

معبود : جس کی عبادت کی جائے

اِنس : آدمی، انسان

ظہور : ظاہر ہونا

شئے : چیز

نِہاں : چھپا ہوا، پوشیدہ

عیاں : کھُلا، ظاہر

توصیف : خوبی بیان کرنا

مُشت : مُٹھی، تھوڑی سی چیز

خاک : مِٹّی، دھول

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II. مرکبات:

خالقِ جہاں = دنیا کو پیدا کرنے والا

رازقِ جہاں = دنیا کو رزق پہنچانے والا

فرشِ زمیں = زمین کی سطح

عرشِ بریں = وہ آسمان جہاں خدا کا تخت ہے۔

شہنشاہِ جہاں = دنیا کا شہنشاہ

مشتِ خاکی = مُٹھّی بھر مِٹّی یعنی انسان

III. اضداد:

بحر × بر

خُشک × تر

شہنشاہ × فقیر

حاکم × محکوم

نِہاں × عیاں

IV. ایک جملے میں جواب لکھئے:

1) ہر چیز میں عیاں اور نِہاں کون ہے؟

2) شاعر اپنی زبان پر کیا جاری رکھنا چاہتا ہے؟

3) خدا کس کا حاکم ہے؟

4) خدا کس کا معبود ہے؟

5) ہر شئے میں کیا پایا جاتا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

6) خدا کس چیز کا مالک ہے؟

7) شہنشاہ دو جہاں کون ہے؟

8) 'حمد' کے آخری شعر میں شاعر نے خود کو کیا کہا ہے؟

V. تفصیلی جواب لکھئے:

1) شاعر نے اس حمد میں اللہ تعالیٰ کی کونسی صفات بیان کی ہیں؟

2) خدا نے کون کونسی چیزیں بنائی ہیں؟

3) شاعر کس وجہ سے اللہ کی تعریف مکمّل طور پر بیان نہیں کر سکتا؟

4) مشتِ خاکی سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

VI. حصہ 'الف' کو 'ب' سے جوڑ کر شعر مکمل کیجئے:

'الف'		'ب'
1) ہر چیز میں نہاں ہے	(a)	کیا لکھے مشتِ خاکی
2) توصیف اس خدا کی	(b)	معبودِ انس و جاں ہے
3) شہنشاہِ دو جہاں ہے	(c)	ہر چیز سے عیاں ہے

VII. اس حمد کو زبانی یاد کیجئے اور ترنم سے اجتماعی طور پر پڑھئے۔

حمد کے معنی:

وہ نظم جس میں اللہ کی تعریف بیان کی جاتی ہے۔ اسے حمد کہتے ہیں۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



سبق:2

رہبر عالم، رسول اکرم ﷺ

چھٹی صدی عیسوی کا دور عالم عرب کے لئے ایک نہایت شاندار دور تھا کیونکہ اسی دور میں مکہ کے مشہور و معروف اور سارے عرب میں قابل قدر اور معتبر خاندان، خاندانِ قریش میں 571ء کو رہبر عالم، رسول اکرم ﷺ پیدا ہوئے۔ آپ کی پیدائش سے قبل ہی آپؐ کے والد محترم حضرت عبداللہ کا انتقال ہو چکا تھا۔ اس دُرِ یتیم کو آپؐ کے دادا کعبۃ اللہ کے متولی، حضرت عبدالمطلب نے گود لیا۔ عرب کے دستور کے مطابق آپؐ کو پرورش کی خاطر آپ کی رضاعی ماں حلیمہ سعدیہؓ کے حوالہ کیا۔ مدت شیر خواری گزرنے کے بعد دوبارہ آپؐ اپنی والدہ حضرت آمنہؓ کے پاس آئے۔ بیٹے کے آنے کے بعد حضرت آمنہ آپؐ کو لے کر اپنے مرحوم شوہر حضرت عبداللہ کے مزارِ مبارک کی زیارت کے لئے مقامِ ابواء گئیں، جہاں وہ مدفون تھے۔ زیارت سے فراغت پا کر لوٹتے ہوئے راستہ میں ہی حضرت آمنہؓ کا بھی انتقال ہو گیا۔

حضرت عبدالمطلب نے آپؐ کی مکمل پرورش کی ذمہ داری لی۔ مگر یہ سلسلہ بھی زیادہ دن نہ چل سکا۔ جب آپؐ کی عمر آٹھ سال کی ہوئی تو آپؐ کے دادا حضرت عبدالمطلب بھی وفات پا گئے۔ حضرت ابو طالب نے جو آپؐ کے چچا تھے آپ ﷺ کو اپنے سایۂ عاطفت میں لے لیا جب آپؐ لڑکپن سے جوانی کی دہلیز پر قدم رکھنے لگے تو آپؐ کے چچا آپ کو اپنے ساتھ لے کر ملک یمن اور شام کی طرف تجارت کے لئے گئے۔ تجارت میں مہارت اور ایمانداری کے باعث کافی شہرت حاصل کر لی۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حاصل کر لی۔

مکّہ کی ایک مالدار تاجر خاتون تھیں، جن کا نام خدیجۃ الکبریٰ تھا۔ جب انہیں آپ ﷺ کی ایمانداری اور پاکبازی کا پتہ چلا تو انہوں نے آپؐ کو مالِ تجارت دے کر اپنے غلام 'میسرہ' کے ساتھ روانہ کیا۔ واپسی پر پتہ چلا کہ تجارت میں خوب خوب نفع ہوا ہے اور تجربہ و ایمانداری کے سارے معاملات 'میسرہ' نے اپنی مالکن کے سامنے بیان کئے۔ اس کے بعد حضرت خدیجہؓ نے از خود آپؐ سے اپنے نکاح کا پیغام پیش کیا، جسے آپ ﷺ نے تسلیم کر لیا۔ جب آپ ﷺ تجارتی امور سے فارغ ہوتے تو غار حرا جاتے اور خدائے تعالی کی یاد میں مشغول رہتے۔ جب آپ ﷺ کی عمر چالیس سال کی ہوئی تو آپ ﷺ کو منصب نبوت پر سرفراز کیا گیا۔

جس وقت آپ ﷺ کو نبوت ملی اس وقت عرب کی سماجی حالت نہایت بُری تھی کوئی برائی ایسی نہ تھی جو عرب میں نہ کی جاتی ہو۔ بت پرستی، لڑائی جھگڑا، دنگا فساد مچانا ہر روز کا معمول تھا۔ ایسے ناگفتہ بہ حالات میں آپ نے لوگوں کو ایک اللہ کو ماننے کی دعوت دی اور خود کو اس کا رسولؐ بتایا اور روز آخرت پر ایمان لانے کو کہا۔ اس کی وجہ سے انسان میں خود شناسی و خدا شناسی کا جذبہ ابھرا۔

ابتداء میں آپؐ کی بہت زیادہ مخالفت ہوئی۔ شروع شروع میں سماج کے کمزور لوگ آپؐ پر ایمان لائے اور آپؐ کے حسن اخلاق اور لوگوں سے شریفانہ سلوک کی وجہ سے آپؐ کی دعوت آہستہ آہستہ لوگوں کے دلوں میں گھر کرنے لگی۔

آپ ﷺ اپنے صحابہؓ کے ساتھ تیرہ سال تک مکّہ میں رہے۔ جب مکّہ کے سردار اور لوگوں نے آپ ﷺ کا عرصہ حیات تنگ کر دیا تو اللہ نے آپؐ کو اور اصحاب کو مدینہ کی طرف ہجرت کرنے کی ہدایت دے دی۔ آپؐ کے اس سفر ہجرت ہی سے اسلامی سال کا آغاز ہوا۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مدینہ میں بھی آپؐ کو مقامی لوگوں کی مخالفتوں اور سازشوں کا سامنا کرنا پڑا مگر خدائے تعالی کے فضل و کرم سے لوگ جوق در جوق اسلام کی طرف آنے لگے۔ آپؐ کو مدینہ میں رہتے ہوئے صرف آٹھ سال ہی ہوئے تھے اس مدّت میں آپؐ پر بہت سارے لوگ اسلام قبول کر چکے تھے۔ جب آپؐ انہیں لے کر مکّہ کی طرف آئے اور بغیر کسی خون خرابے کے مکّہ کو فتح کر لیا تو سارے عالم عرب میں امن وامان کا دَور دَورہ ہو گیا۔

آپ ﷺ نے جو دین پیش کیا اس کے بنیادی ارکان پانچ ہیں جو یوں ہیں۔

۱) **لا الٰہ الا اللّٰہ محمد الرسول اللّٰہ** کہنا۔

۲) پنج وقتہ نماز ہر دن ادا کرنا۔

۳) ماہ رمضان میں روزے رکھنا۔

۴) صاحب نصاب ہونے پر زکوٰۃ ادا کرنا۔

۵) مالداروں کے لئے زندگی میں ایک مرتبہ حج کرنا۔

@KBSS NOT TO BE REPUBLISHED

ادارہ

I. الفاظ و معانی:

معتبر : بھروسہ مند

رہبر : راستہ بتانے والا

اکرم : خوب بخشنے والے

متولی : ذمہ دار/سرپرست

زیارت : دیکھنا، ملاقات کرنا

امور : معاملات/کئی کام

سرفراز : انعام دینا/عزّت افزائی کرنا

عاطفت : مہربانی، مروّت، عنایت

II. مرکبات:

گود لینا	:	ذمہ داری/نگرانی میں لینا
رضاعی ماں	:	اپنی ماں کے علاوہ دودھ پلانے والی خاتون
دُرِّ یتیم	:	حضورؐ کا لقب (یتیموں کے موتی)
شیر خواری	:	بچّوں کے دودھ پینے کا زمانہ
سایۂ عاطفت	:	بڑوں کے زیرِ نگرانی (رحم و کرم کے سایہ میں)
منصبِ نبوت	:	نبوت کا مرتبہ
خودشناسی	:	اپنے آپ کو پہچاننا
خداشناسی	:	مالک کی پہچان، اللہ کی پہچان
عرصۂ حیات	:	زندگی کا وقفہ
صاحبِ نصاب	:	مال کی مقدار کے پیمانہ کا اسلامی نام

III. ایک جملے میں جواب دیں:

1) رسول اکرمؐ کی پیدائش کس خاندان میں ہوئی؟
2) آپؐ کی والدہ اور والد کا نام کیا تھا؟
3) آپؐ کی پرورش کس کس نے کی؟
4) آپؐ مکّہ میں کتنے سال رہے؟
5) آپؐ کس بات کی دعوت دیتے تھے؟

IV. رسول اکرم ﷺ نے جس دین کو پیش کیا، اس کے بنیادی ارکان کو زبانی یاد کیجئے۔

☆☆☆

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:3

نعت

نثار احمد کلیمؔ

جس پر رسولِ پاک ﷺ کا احسان ہوگیا
خوش بخت ہے وہ شاہدِ ایمان ہوگیا

جس نے بھی پیروی کی رسولِ انام ﷺ کی
ہر کام اس کا دَہر میں آسان ہوگیا

اعمالِ خیر کا مجھے اپنے پتہ نہیں
ذکرِ نبی ﷺ نجات کا سامان ہوگیا

دل میں نظر میں شوق ہے طیبہ کی دِید کا
طیبہ کو دیکھنے کا بھی سامان ہوگیا

آلامِ زندگی سے نہ گھبراؤ تم کلیمؔ
تم پر رسولِ پاک ﷺ کا احسان ہوگیا

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

تعارف:

نام نثار احمد، کلیمؔ تخلص، 1931ء میں بمقام بیدر میں پیدا ہوئے۔ ایم۔اے۔ بی۔ایڈ کے علاوہ ہندی ساہتیہ رتن، اور ہندی ودھوان کی سندیں بھی حاصل کی ہیں۔ کچھ عرصہ پیشۂ درس و تدریس سے وابستہ رہنے کے بعد، انسپکٹر آف اسکولس کی خدمات انجام دے کر مستعفی ہوئے۔ آپ کی چھ کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں۔ شاعری اور نثر، دونوں میں آپ کو عبور حاصل ہے۔

I. الفاظ ومعانی:

شاہِد : گواہ

پیروی : تقلید، اطاعت، کسی کے قدم بہ قدم ساتھ چلنا

دَہر : زمانہ، دنیا

نجات : رہائی، چھٹکارا

انام : خلقت، لوگ

دِید : نگاہ، نظر، دیکھنا

شوق : خواہش، آرزو، تمنا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II. مرکب الفاظ:

خوش بخت = اچھّی قسمت والا

ذکرِ نبی = نبی کا ذکر

آلامِ زندگی = زندگی کے غم، مصیبتیں

شاہدِ ایمان = ایمان کا گواہ

اعمالِ خیر = بھلے کام یعنی اچھّے کام

III. ان کی جمع لکھئے:

عمل، ذکر، نبی، الم

IV. درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے۔

1) رسولِ پاک ﷺ کا احسان ہوتو کیا ہوتا ہے؟

2) حضور ﷺ کی پیروی سے کیا ہوتا ہے؟

3) نعت میں شاعر نے اپنی نجات کا کیا سبب بتایا ہے؟

4) شاعر نثار احمد کلیم کو کس بات کا شوق ہے؟

5) نعت میں شاعر کس سے نہ گھبرانے کی ہدایت کر رہا ہے؟

V. ان اشعار کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھئے۔

1) جس نے بھی پیروی کی رسولِ انام ﷺ کی
ہر کام اس کا دہر میں آسان ہوگیا

2) اعمالِ خیر کا مجھے اپنے پتہ نہیں
ذکرِ نبی ﷺ نجات کا سامان ہوگیا

VI. ان مصرعوں میں خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

1) خوش بخت ہے وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہو گیا۔

2) جس نے بھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی رسولِ انام ﷺ کی۔

3) دل میں نظر میں شوق ہے طیبہ کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا۔

4) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے نہ گھبراؤ تم کلیمؔ۔

VII. اس نعت کو زبانی یاد کیجئے اور ترنم سے پڑھنے کی مشق کیجئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



سبق:4

ماں کی خدمت

حضرت بایزید بُسطامیؒ اللہ کے پیارے ولی تھے۔آپ اپنی والدہ کی خدمت کوسب سے بڑی عبادت اور ان کی رضامندی کو دنیا کی سب سے بڑی نعمت جانتے تھے۔ایک رات والدہ نے ان سے پانی مانگا۔حضرت بایزیدؒ پیالہ لے کر پانی لینے گئے۔صراحی کو دیکھا تو وہ خالی پڑی تھی۔کسی اور برتن میں بھی پانی نہ تھا۔یہ دیکھ کر آپؒ دریا کی طرف چل دیئے۔

اس رات سخت سردی پڑ رہی تھی۔جب آپؒ دریا سے پانی لے کر واپس آئے تو والدہ سو چکی تھیں۔حضرت بایزیدؒ پیالہ لے کر والدہ کی پائنتی کی طرف کھڑے ہو گئے۔سردی کی وجہ سے آپؒ کو بڑی تکلیف محسوس ہو رہی تھی،مگر آپؒ نے اپنی تکلیف کا کچھ خیال نہ کیا اور پانی کا پیالہ لے کر چپ چاپ کھڑے رہے۔

کچھ دیر بعد آپؒ کی والدہ کی آنکھ کھلی تو انھوں نے دیکھا کہ آپؒ پانی کا پیالہ لیے کھڑے ہیں۔والدہ نے اُٹھ کر پانی پیا اور پھر کہنے لگیں۔''بیٹے! تم نے اتنی تکلیف کیوں اٹھائی۔پانی کا پیالہ میرے بستر کے قریب رکھ دیتے۔میں اُٹھ کر خود پی لیتی۔''

حضرت بایزیدؒ نے جواب دیا''آپ نے مجھ سے پانی مانگا تھا۔مجھے اس بات کا ڈر تھا کہ جب آپ کی آنکھ کھلے تو کہیں میں آپ کے سامنے حاضر نہ رہوں اور آپ پریشان ہو جائیں''۔والدہ یہ سن کر بہت خوش ہوئیں اور انھیں دُعائیں دینے لگیں۔

ماخوذ

I. الفاظ ومعانی:

ولی : دوست،اللہ کا خاص بندہ　　پیالہ : گلاس

صراحی : کوزہ　　والدہ : ماں

بستر : بچھونا

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

II. اضداد:

رات × دن

خوشی × غم

سخت × نرم

تکلیف × راحت

قریب × دور

III. اِن سوالوں کے جوابات لکھئے۔

1) حضرت بایزیدؒ اپنی والدہ کی خدمت کو کیا سمجھتے تھے؟

2) ایک رات حضرت بایزیدؒ کی والدہ نے آپ سے کیا مانگا؟

3) پانی لانے کے لئے حضرت بایزیدؒ کہاں گئے؟

4) آنکھ کھلنے پر والدہ نے کیا دیکھا؟

5) پانی کا پیالہ لئے کھڑے بیٹے کو دیکھ کر والدہ نے کیا کہا؟

IV. جمع کی واحد اور واحد کی جمع لکھئے۔

بیٹا، آنکھیں، خوشی، باتیں، حضرت

V. مندرجہ ذیل الفاظ کا معنوی فرق لکھئے۔

1) قبر--- خبر 2) عام--- آم

3) باد --- بعد 4) قلیل--- خلیل

5) صدا--- سدا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VI. خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

1) حضرت بسطامیؒ اللہ کے پیارے.....تھے۔

2) آپؒ اپنی.....کی خدمت کو سب سے بڑی عبادت مانتے تھے۔

3) حضرت بسطامیؒ، والدہ کی رضامندی کو دنیا کی سب سے بڑی.....جانتے تھے۔

4) آپؒ پانی لانے کے لئے.....کی طرف چل دیئے۔

VII. عملی کام:

اپنے استاد سے حضرت بایزیدؒ جیسے نیک اور پرہیزگار بزرگوں کی زندگی کے بارے میں معلومات حاصل کیجئے اور اُن جیسے نیک بننے کی کوشش کیجئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد

صفت:

تعریف:

صفت وہ کلمہ ہے جس سے کسی اسم کی کیفیت، حالت، کمیت، تعداد یا مقدار معلوم ہو۔

جیسے: (۱) جاہل آدمی۔

(۲) چالاک لڑکا۔

(۳) میٹھا آم۔

(۴) دس سیب۔ وغیرہ

صفت کی چار قسمیں ہیں۔

صفتِ ذاتی:

وہ صفت ہے جس سے کسی چیز یعنی (اسم) کی کیفیت ظاہر ہو۔

جیسے: (۱) یہ پتھر سخت ہے۔ وہ لنگڑا کتّا ہے۔

صفتِ نسبتی:

وہ صفت ہے جس سے کسی چیز (اسم) کی نسبت یا حالت معلوم ہو۔

جیسے: (۱) وہ کانپوری جوتا ہے۔

(۲) یہ ہندوستانی سپاہی ہے۔

صفتِ عددی:

وہ صفت ہے جس سے کسی اسم کی کمیت یا تعداد معلوم ہو۔

جیسے: (۱) چار لڑکیاں بیٹھی ہیں۔

(۲) دو سپاہی جا رہے ہیں۔

صفتِ مقداری:

وہ صفت ہے جس سے کسی اسم کی مقدار معلوم ہو۔

جیسے: (۱) غذا کم کھاؤ۔

(۲) پینے کے لئے تھوڑا پانی لاؤ۔

مشق: صفت کی ان چار قسموں کی پانچ پانچ مثالیں لکھئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:5

مولانا ابوالکلام آزاد



مولانا ابوالکلام آزاد کا اصلی نام محی الدّین احمد تھا۔ فیروز بخت تاریخی نام، ابوالکلام کنیت اور آزاد آپ کا تخلص تھا۔ 11 نومبر 1888ء کو مکّہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد مولانا خیرالدین ہندوستانی تھے۔ غدر 1857ء کے موقع پر یہاں سے ہجرت کر گئے تھے۔ مولانا آزاد کی والدہ مدینہ منورہ کی رہنے والی تھیں۔ مولانا خیرالدین صاحب بڑے پائے کے بزرگ تھے۔ ان کے مریدوں کا حلقہ بہت وسیع تھا۔ مریدوں کے اصرار پر آپ مع اہل وعیال کلکتہ آ گئے۔ مولانا آزاد کا ابتدائی دور یہیں گزرا۔ تعلیم وتربیت والد محترم کی نگرانی میں ہوئی۔ بلا کے ذہین تھے۔ چھ سال کی عمر میں کلام پاک ناظرہ ختم کرلیا۔ اور قرأت بھی سیکھی۔ بچپن ہی سے صبح سویرے اُٹھتے اور پابندی سے نماز پڑھنے کے عادی ہوگئے تھے۔ اور آخری وقت تک آپ اوقات کے بہت پابند رہے۔ آٹھ نو سال کی عمر میں تقریر کا شوق ہوا۔ والد کے مریدوں کے مجمع میں تقریباً روزانہ بولنے کا موقع مل جاتا۔ اسی مشق کا نتیجہ تھا کہ آپ بہترین مقرر وخطیب ہوگئے۔ آپ نے کمسنی ہی میں عربی، فارسی اور اُردو میں خاصی لیاقت

NOT TO BE REPUBLISHED

پیدا کر لی تھی۔ مطالعہ کے بے حد شوقین تھے۔ جیب خرچ سے کتابیں خرید کر مطالعہ کیا کرتے۔ بارہ تیرہ سال کی عمر میں اچھّے خاصے انشا پرداز اور شاعر بن گئے اور آپ کے مضامین اور اشعار رسالوں میں چھپنے اور کافی پسند کئے جانے لگے۔ آپ اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شاعری کرتے تھے۔

مگر کچھ عرصہ بعد شاعری کا شوق جاتا رہا اور مضمون نگاری کی طرف زیادہ توجہ ہوئی۔ دو تین رسائل کے ایڈیٹر رہے۔ پھر 1912ء میں کولکتہ سے ہفتہ وار ''الہلال'' اور ''البلاغ'' نکالا جس نے پورے ملک میں دھوم مچادی۔ 1914ء میں برطانوی حکومت نے پابندی عائد کر کے آپ کو رانچی میں نظر بند کر دیا۔ 1920ء میں گاندھی جی سے آپ کی ملاقات ہوئی۔ ترکِ موالات اور سِول نافرمانی کی تحریکوں میں آپ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور بار بار جیل گئے۔ 1942ء میں ''ہندوستان چھوڑو'' تحریک کے سلسلہ میں آپ احمد نگر قلعہ میں نظر بند ہوئے۔ تین بار کانگریس کے صدر چنے گئے۔ 1947ء سے مرتے دم تک مرکزی حکومت میں وزیر تعلیم رہے۔ 19 رفروری 1958ء میں آپ پر فالج کا شدید حملہ ہوا۔ تین چار دن علیل رہ کر انتقال کر گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُون، ہماری آزادی، ترجمان القرآن اوّل و دوّم، غبارِ خاطر، تذکرہ وغیرہ آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔ آپ کے مضامین اور خطبات کے مجموعے بھی شائع ہو چکے ہیں۔

پروفیسر رشید احمد صدیقی

I. الفاظ و معانی:

کنیت : وہ نام جو باپ، ماں، بیٹا، بیٹی وغیرہ کے تعلق سے بولا جائے۔

ناظرہ	:	دیکھ کر پڑھنا	تخلص	:	شاعر کا مختصر نام
مرید	:	دینی شاگرد	کمسنی	:	کم عمری
ہجرت	:	وطن چھوڑنا	اصرار	:	ہٹ، ضد
لیاقت	:	قابلیت	وسیع	:	کشادہ
مقرِر	:	تقریر کرنے والا	رسالہ	:	میگزین
نگرانی	:	دیکھ بھال	خطیب	:	خطبہ دینے والا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تصنیف : خود کی عبارت تالیف : ترتیب دینا

فالج : لقوہ، ایک قسم کی بیماری علیل : بیمار

مطالعہ : کتب بینی، پڑھنا انشاپردار : مضمون نگار۔ادیب

II. مرکبات:

اہل وعیال، تعلیم وتربیت، نظربند، انشاپرداز، تصنیف وتالیف

(نوٹ:اس طرح کے اور بھی مرکبات لکھئے)

III. مترادفات:

بزرگ = بڑا، بوڑھا دَور = زمانہ، عہد

مُرید = شاگرد مجمع = گروہ، بھیڑ

عرصہ = مدّت، زمانہ

IV. اضداد:

ابتدا × انتہا بہترین × بدترین

ذہین × کُند ذہن خرید × فروخت

ختم × شروع بچپن × بڑھاپا

V. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔

1) مولانا آزادؔ کا اصلی نام کیا تھا؟

2) مولانا آزادؔ کا تاریخی نام اور کنیت لکھئے۔

3) مولانا آزادؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

4) مولانا آزادؔ کے والد کون تھے؟

5) مولانا آزادؔ کی والدہ کہاں کی رہنے والی تھیں؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

6) مولانا آزادؔ کے والد کولکتہ کیوں آئے؟

7) مولانا آزادؔ کن کن زبانوں میں شاعری کرتے تھے؟

8) مولانا آزادؔ نے ہفتہ وار اخبار الہلال والبلاغ کب نکالا؟

9) مولانا آزادؔ کتنی بار کانگریس کے صدر چنے گئے؟

VI. دو یا تین جملوں میں جوابات لکھئے۔

1) مولانا آزادؔ کے والد صاحب کی تربیت کا نتیجہ کیا نکلا؟

2) مطالعہ کے شوق کو پورا کرنے کے لیے مولانا آزادؔ کیا کرتے تھے؟

3) برطانوی حکومت نے مولانا آزادؔ کو کب اور کہاں نظر بند کیا؟

4) مولانا آزادؔ کی مشہور تصانیف کے نام لکھئے۔

VII. واحد کی جمع اور جمع کی واحد بنائیے۔

موقع:..... تقاریر:..... وقت:..... شعر:.....

شعراء:..... رسالہ:..... مضامین:..... تحریک:.....

VIII. حصہ 'الف' اور 'ب' میں مناسب جوڑ لگائیں۔

'الف'	'ب'
1) غدر	(a) گاندھی جی سے ملاقات ہوئی
2) چھ سال کی عمر میں	(b) 1942ء
3) 1920ء میں	(c) 1857ء
4) ''ہندوستان چھوڑو'' تحریک میں حصہ لیا	(d) کلامِ پاک کا ناظرہ ختم کرلیا
5) 19 فروری 1958ء	(e) ہفتہ وار الہلال والبلاغ نکالا
6) 1912ء	(f) فالج کا حملہ ہوا

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

سبق:6

ایماندار لڑکی

حضرت عمر فاروقؓ کی خلافت کا زمانہ تھا، اِن کے ہاتھ میں حکومت تھی، لیکن آج کل کے بادشاہوں اور وزیروں کی طرح وہ شیش محل اور کوٹھی میں رات گذارنے کے عادی نہ تھے۔ ایک دن صبح حضرت عمرؓ نے ایک اعلان جاری کیا کہ ''کوئی شخص دودھ میں پانی نہ ملائے۔''

حضرت عمرؓ معمول کے مطابق مدینے کی گلیوں میں گشت کر رہے تھے۔ رات کافی گزر چکی تھی۔ ایک گھر کے پاس پہنچے تو گھر میں سے کچھ آوازیں سنائی دیں۔ حضرت عمرؓ آواز سن کر ذرا رُک گئے اور کان لگا کر غور سے سننے لگے کہ کیا باتیں ہو رہی ہیں۔ معلوم ہوا کہ ماں بیٹی آپس میں باتیں کر رہی ہیں اور باتیں صاف صاف سنائی دے رہی ہیں۔ ماں بیٹی سے کہتی ہے کہ ''بیٹی رات گزرنے کو ہے، جا، دودھ میں پانی ملا دے تا کہ دودھ زیادہ ہو جائے۔''

بیٹی جواب دیتی ہے کہ ''ماں! آج ہی خلیفۃ المسلمین حضرت عمرؓ نے اعلان کروایا ہے کہ کوئی شخص دودھ میں پانی نہ ملائے۔ اس لئے میں پانی نہیں ملاؤں گی۔'' اس کے بعد ماں کہتی کہ ''بیٹی! رات کا سنّاٹا ہے ساری دُنیا سو رہی ہے حضرت عمرؓ گویا کسی اور کو کیا پتہ کہ تو پانی ملا رہی ہے؟'' اس پر بیٹی نے جواب دیا کہ ''ماں! خلیفہ نہ سہی اللہ تو دیکھ رہا ہے۔ خلیفہ کے سامنے ہم اطاعت کریں اور ان کی غیر موجودگی میں ان کے حکم کا انکار کریں، یہ ان کے حکم کی نافرمانی ہوگی۔''

لڑکی کی باتیں سن کر حضرت عمرؓ خوشی سے پھولے نہ سمائے۔ اور جب دونوں کی باتیں ختم ہوئیں تو عمرؓ انتہائی خوشی سے چل پڑے۔ رات کا وقت تھا اس لیے گھر والوں کو آواز نہ دی۔ اس دروازہ پر نشان لگا کر چلے گئے اور صبح ایک آدمی کو بھیج کر ماں بیٹی کو بلوایا۔ دونوں دربار پہنچیں۔ یہ دونوں بہت غریب تھیں مگر ان کو بلا کر حضرت عمرؓ نے بڑی عزّت کی۔ جب حضرت عمرؓ کو یہ معلوم ہوا کہ اس لڑکی کی ابھی شادی نہیں ہوئی ہے تو انھوں نے اس نیک اور ایماندار لڑکی کی شادی اپنے بیٹے کے ساتھ کر دی۔ دیکھو ایمانداری کی وجہ سے وہ غریب لڑکی خلیفہ کی بہو بن گئی۔

مجاز الاعظمی

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. الفاظ ومعانی:

عادی : عادت بنالینا/ ڈال لینا سنّاٹا : خاموشی، سکوت

اطاعت : فرماں برداری خلیفہ : حکمران، ایک علاقہ کا نگہبان

سویرا : صبح

II. اضداد لکھئے:

موجودگی × ---------- فرماں برداری × ----------

غریب × ---------- سچّا × ----------

عزّت × ---------- سامنے × ----------

سونا × ---------- سنّاٹا × ----------

III. ان سوالات کے جواب لکھئے۔

1) حضرت عمر فاروقؓ کون تھے؟

2) حضرت عمر فاروقؓ خلیفہ ہونے کے باوجود کیسی زندگی گزارتے تھے؟

3) حضرت عمرؓ نے ایک دن کیا اعلان کروایا؟

4) حضرت عمرؓ نے گشت کے دوران آدھی رات میں کس کے گھر سے کیا آوازیں سنیں؟

5) حضرت عمرؓ لڑکی کی باتیں سُن کر کیوں خوش ہوئے؟

6) حضرت عمرؓ نے ماں اور بیٹی کو دربار میں کیوں بلوایا؟

IV. یہ جملے کس نے، کس کو اور کب کہے؟

1) ''کوئی شخص دودھ میں پانی نہ ملائے۔''

2) ''رات کا سنّاٹا ہے، ساری دُنیا سو رہی ہے۔''

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V. ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

اعلان، سنّاٹا، عادی، فرماں بردار، غیر موجودگی،

VI. جمع لکھئے۔

وزیر=..... محل=..... کوٹھی=.....

خلیفہ=..... لڑکی=..... شادی=.....

VII. اِن علامتوں کو لکھئے اور جانئے۔

1) ﷺ =صلی اللہ علیہ وسلم 2) رضؓ =رضی اللہ عنہ

3) رحؒ =رحمۃ اللہِ علیہ 4) علیہ السّلام =علیہ السّلام

VIII. اشاروں کی مدد سے دیئے گئے خانوں کو پُر کیجئے۔

مثال: لکھاوٹ:

مورتی:

شادی:

بارش:

کھوٹ:

	کھ	ا	و	ٹ

IX. سرگرمیاں:

(الف): حضرت عمر فاروقؓ کی خلافت کے بارے میں اُستاد کی مدد سے مزید معلومات حاصل کیجئے۔

(ب): خلفائے راشدین کے نام لکھئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:7

یہ میرا وطن



محبت ہے خاکِ وطن سے ہمیں
محبت ہے اپنے چمن سے ہمیں

ہمیں اپنی صبحوں سے شاموں سے پیار
ہمیں اپنے شہروں کے ناموں سے پیار

NOT TO BE REPUBLISHED

ہمیں پیار اپنی عمارات سے
ہمیں پیار اپنی روایات سے

نگاہیں ہمالہ کی اونچی رہیں
سدا چاند تاروں کو چھوتی رہیں

جاں نثار اختر

تعارف:

جاں نثار اختر کا شمار ترقی پسند شاعروں میں ہوتا ہے۔ وہ 1914ء میں گوالیار میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے غزلیں اور نظمیں لکھی ہیں۔ سادگی، نغمگی اور سوز و گداز ان کی شاعری کی امتیازی خصوصیات ہیں۔ ''خاکِ دل'' ''گھر آنگن'' اور ''پچھلے پہر'' ان کے شعری مجموعے ہیں۔ ان کا انتقال 1976ء میں ہوا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. الفاظ و معانی:

خاک : مٹّی

چمن : باغ

عمارات : عمارت کی جمع (مکان، گھر)

روایت : حکایت، کسی بات کی نقل، چلن

سدا : ہمیشہ

خاکِ وطن : وطن کی مٹّی

II. صرف ایک جملے میں جواب لکھئے۔

1) شاعر جاں نثار اختر نے کن کن سے محبت کا اظہار کیا ہے؟

2) شاعر نے کن کن چیزوں سے پیار ظاہر کیا ہے؟

3) شاعر ہمالہ کے بارے میں کیا کہتا ہے؟

III. اس نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

IV. ان مصرعوں میں خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

1) محبت ہے.....وطن سے ہمیں

2) ہمیں اپنے شہروں کے.....سے پیار

3) ہمیں .....اپنی روایات سے

4) سدا چاند.....کو چھوتی رہیں

V. اس نظم کو زبانی یاد کیجئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:8



وٹامن ضروری کیوں؟

غذا ہر جاندار کے لیے لازمی ہے۔ بلکہ سچ تو یہ ہے کہ زندگی کا دارومدار ہی غذا پر ہے۔ غذا کے ذریعہ جسم کو توانائی ملتی ہے جس کی مدد سے جسم کے مختلف اعضاء اپنے کام انجام دیتے ہیں۔ ہر فرد کی صحت پر اس کا ماحول، غذا، عادات وغیرہ کا نمایاں اثر پڑتا ہے اور ان کا خیال رکھنا صرف مرض سے ہی دور نہیں رکھتا بلکہ اچھّی صحت قائم رکھنے میں مدد کرتا ہے۔ خاص طور سے بچپن کا زمانہ اس لحاظ سے بہت ہی اہمیت کا حامل ہے کہ بچّے کو اگر متوازن اور مناسب غذا نہ ملے تو اس کی نشو ونما اور تندرستی متاثر ہوتی ہے۔ مناسب غذا نہ ملنے پر خصوصاً بچّے نقص تغذیہ Malnutrition کے باعث بہت سے امراض کا شکار ہو سکتے ہیں۔

اچھّی صحت کے لیے اچھّی غذا نہایت اہم ہے۔ غذا کا انتخاب کرتے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ اس غذا سے جسم کو ضرورت کے مطابق توانائی ملے نہ کہ غیر ضروری موٹاپا۔

غذا میں کچھ بنیادی اجزاء کا ہونا لازمی ہے جن کی موجودگی سے خوراک میں غذائیت کا معیار متعین کیا جاتا ہے۔ یہ بنیادی اجزاء لحمیات یا پروٹین Proteins، چکنائی Lipids، Fats، نشاستہ جات یعنی کاربوہائیڈریٹس Carbohydrates، حیاتین یعنی وٹامن Vitamins، معدنیات Minerals اور پانی Water ہیں۔ غذا میں ان سبھی اجزاء کا مناسب مقدار میں ہونا ضروری ہے تاکہ ان سے جسم کو ضرورت کے مطابق توانائی حاصل ہو سکے اور جسم کی صحیح نشو ونما ممکن ہو سکے۔

دراصل وٹامنس وہ نامیاتی مرکبات Organic Compounds ہیں جن کی ضرورت جسم میں بہت کم مقدار میں ہوتی ہے اور چونکہ یہ جسم میں تیار نہیں ہو سکتے اس لیے انہیں غذا سے حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

وٹامن کی اہمیت:


وٹامن کی اہمیت آخر کیوں ہے؟ جسم کے وہ حصے اور نظام جن میں غذا کم پہنچ رہی ہے یا متناسب نہیں ہے یا کاربوہائیڈریٹ سے اطمینان بخش تغذیہ حاصل نہیں ہو پا رہا ہے تو اس صورت میں ہم Vitamin-B-complex کا سہارا لیتے ہیں۔ اور استحالہ Metabolism کو قوت پہنچاتے ہیں۔ آنکھ کی حفاظت کے لیے Vitamin-A کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس کے ذریعے آنکھ کے نرم و نازک حصّوں کو مضبوط کرنا اور ان میں بینائی کی استعداد پیدا کرنا بھی مقصود ہوتا ہے۔ اسی طرح وٹامن B12-B6 اور فولک ایسڈ Folic Acid خون کے بننے اور اس کو فعّال (Active) کرنے کے لیے ضروری ہے۔ اس طرح صحت کو برقرار رکھنے میں وٹامن کی بہت زیادہ اہمیت ہے اور یہ بات اہم ہے کہ وہ بھی قدرتی ذرائع سے حاصل کئے جائیں، کیمیائی نہ ہوں۔ دراصل قدرتی غذائیں جسم میں بہت آسانی سے جذب ہوتی ہیں اور ان کا کوئی مضر ردّعمل بھی نہیں ہوتا جبکہ مصنوعی غذاؤں اور دواؤں کے کچھ منفی ردّعمل بھی ہوتے ہیں۔

وٹامن کی تقسیم: بنیادی طور پر وٹامن کو دو گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1) چکنائی میں حل پذیر وٹامن Fat Soluble Vitamins

2) پانی میں حل پذیر وٹامن Water Soluble Vitamins


وٹامن اے (Vitamin A):




وٹامن A دودھ، مکھن، کلیجی، گیہوں، چنا، گاجر، مٹر وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے۔ جسم میں اس کی کمی سے رتوندھی Xerophthalmia-Night blindness یعنی شب کوری کا مرض لاحق ہوتا ہے۔ نیز قوّتِ مدافعت میں کمی ہو جاتی ہے۔ یعنی مجموعی طور پر جسم کی نشوونما متاثر ہوتی ہے۔

©KTDS NOT TO BE REPUBLISHED

وٹامن بی -1: (Vitamin-B 1):




یہ خاص طور سے گیہوں اور چاول کی بھوسی، دالوں، سوکھے میوے وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے۔ اس کی کمی سے بیری۔ بیری Beri-Beri مرض لاحق ہوتا ہے۔ وٹامن بی۔1 کی کمی سے قلب کے پٹھّے Heart Muscles بھی کمزور ہوجاتے ہیں۔ چنانچہ اس کی زیادہ کمی کی صورت میں Heart Failure بھی ہوسکتا ہے۔ وٹامن بی۔1 کے انجکشن سے دورانِ ولادت پیش آنے والی اذیت میں راحت ملتی ہے۔



وٹامن بی۔2(Vitamin-B2):

یہ بالخصوص انڈے کی سفیدی اور میوہ جات سے حاصل ہوتا ہے اور اس کی کمی سے ورم اعصاب مثلاً فالج (لقوہ) رعشہ ہوسکتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ جسم کی جلد سوکھی، کھردری، بالوں کا جھڑنا، قبض، بدہضمی Indigestion وغیرہ امراض بھی لاحق ہوسکتے ہیں۔




وٹامن بی۔6(Vitamin-B6) :

یہ انڈے، مرغ اور مٹر وغیرہ سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ بچّوں میں خاص طور سے چکرّ، غشی اور چڑچڑاپن اس وٹامن کی کمی کی وجہ سے ہوتا ہے۔

© KBS NOT TO BE REPUBLISHED


فولک ایسڈ:

یہ خون کے بننے میں مدد دیتا ہے۔ یہ ہری سبزیاں، سیم، لوبیا، پالک، بادام، مکا، کلیجی وغیرہ میں پایا جاتا ہے۔ اس کی کمی سے خون کی کمی Anaemia ہو جاتی ہے۔




وٹامن۔سی (Vitamin-C):

یہ جسم کی نشوونما میں مدد دیتا ہے۔ زخم کے بھرنے اور مندمل ہونے میں مدد دیتا ہے، اور مسوڑھوں اور دانتوں کو صحیح طور سے جمانے کے لیے بھی نہایت ضروری ہے۔ یہ تازہ کھٹّے پھل مثلاً سنترہ، لیمو، آملہ وغیرہ میں بکثرت ملتا ہے۔ اس کے علاوہ ہری مرچ اور امرود بھی اس کا اچھّا ذریعہ ہے۔ اس کی کمی سے مسوڑھے متاثر ہوتے ہیں۔



وٹامن۔ڈی (Vitamin-D):

یہ ہڈیوں اور دانتوں کو مضبوط بناتا ہے۔ یہ مچھلی کے تیل، مکھن اور دودھ میں موجود ہوتا ہے۔



وٹامن۔ای (Vitamin-E):

یہ وٹامن مٹر، مونگ پھلی، اناج کے دانوں اور تیل میں موجود ہوتا ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED © BKTBS

ان حقائق سے بخوبی اندازہ ہوجاتا ہے کہ اچھّی صحت کے لیے وٹامن کتنے ضروری ہیں۔اس لیے اگر انہیں کسی وجہ سے غذا کے ذریعہ نہ لے سکیں تو بطور ضمیمہ Supplements گولی، انجکشن وغیرہ کی صورت میں ضرور لے لیں۔

I. الفاظ ومعانی:

لازمی : ضروری
مناسب : نسبت رکھنے والا، موزوں
توانائی : طاقت
متوازن : مکمل، برابر وزن رکھنے والا
معیار : قابلیت
رعشہ : لرزہ
نشوونما : بڑھنا
مُضر : نقصان پہنچانے والے
غشی : بیہوشی
تغذیہ : غذائیت
مصنوعی : بنایا ہوا، نقلی
نقص : خرابی
منفی : نفی کرنے والی، الٹا اثر ڈالنے والی
فعال : بہت کام کرنے والا

شئے : چیز
مواد : اسباب، سامان
اجزاء : حصّے، ٹکڑے
استعداد : صلاحیت
اذیّت : تکلیف
متعین : مقرر
بینائی : بصارت، نظر
قلب : دل
اذیت : دکھ، تکلیف
مُندمل ہونا : زخم بھرنا
بالخصوص : خاص طور پر
دارومدار : انحصار
قوتِ مدافعت : روکنے کی طاقت
روغنِ گندم : گیہوں کی بھوسی کا تیل

II. ان سوالات کے جواب لکھئے۔

1) غذا ہر جاندار کے لئے کیوں ضروری ہے؟
2) بچّوں کو متوازن اور مناسب غذا نہ ملنے سے ان کی صحت پر کیا اثر پڑتا ہے؟
3) غذا میں کون کونسے بنیادی اجزاء موجود ہیں ان کی فہرست بنائیے؟
4) وٹامن انسان کے لئے کیوں لازمی ہیں؟

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

5) وِٹامن کو کتنے زمروں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

6) وٹامن۔اے کن کن چیزوں میں پایا جاتا ہے؟

7) فولک ایسڈ Folic Acid کون کونسی ترکاریوں میں پایا جاتا ہے؟

III. خالی جگہوں کو پُر کیجئے:

1) ..... کی کمی سے رتوندھی ہوتا ہے ۔

2) وٹامن بی کی کمی سے.....مرض لاحق ہوتا ہے۔

3) انڈے کی سفیدی اور میوہ جات میں..... پایا جاتا ہے۔

4) وٹامن ڈی.....اور.....کو مضبوط بناتا ہے ۔

5) مرغ اور مٹر میں وٹامن..... پایا جاتا ہے۔

6) .....کی کمی سے خون کی قِلّت ہو جاتی ہے ۔

IV. ان کے واحد لکھئے:

اعضاء	=	افراد	=
عادات	=	امراض	=
ضروریات	=	اجزاء	=
حقائق	=	ذرائع	=

عملی کام: (i) اُن پھلوں اور ترکاریوں کے ناموں کی فہرست بنایئے۔جن میں وٹامن اے، بی،سی اور ڈی پایا جاتا ہے۔


(ii) اپنے استاد کی مدد سے قریبی ڈاکٹر سے مل کر وٹامن ڈی کی کمی سے ہونے والے نقصانات کے بارے میں معلومات حاصل کیجئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:9

چالاک طوطا



مرزا جی جب کچھ دنوں کے لیے باہر جانے لگے تو انھوں نے اپنے بیٹے ریاض اور اپنی بیٹی فردوس سے پوچھا ''بتاؤ بیٹے تمھارے لیے کیا چیز لاؤں؟''

''میرے لیے آپ اُڑنے والا ہیلی کاپٹر لائیے گا جسے میں صحن میں ریموٹ کنٹرول سے اُڑا سکوں'' ریاض نے برجستہ مطالبہ کیا۔

''ٹھیک ہے آپ کے لئے ہیلی کاپٹر آجائے گا۔فردوس تم بتاؤ۔''

''میرے لیے ایسی گڑیا لائیے گا جو کچھ بولتی ہو یا کوئی گیت گاتی ہو۔'' فردوس نے کچھ شرماتے ہوئے فرمائش کی۔

''ٹھیک ہے آپ کے لیے بولنے والی گڑیا آجائے گی۔مگر اتنے دنوں میں آپ لوگ کوئی گڑبڑ نہیں کریں گے۔اپنی امّی کو پریشان نہیں کریں گے اور اسکول جاتے رہیں گے، یہ وعدہ تو آپ لوگ کر ہی سکتے ہیں۔''

''جی! ہم وعدہ کرتے ہیں، ایسا ہی کریں گے۔'' ریاض اور فردوس نے تقریباً ایک ساتھ کہا۔

مرزا جی مسکراتے ہوئے اپنے پہاڑی طوطے کے پنجرے کے پاس آئے۔ پوچھا ''مِٹھو میاں آپ کے

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

لیے کیا لاؤں؟''

''مچھ (کچھ) نہیں'' طوطے نے ٹیں ٹیں کرتے ہوئے کہا۔

''ایسا کیسے ہوسکتا ہے، کچھ تو بتاؤ، طوطے میاں'' مرزا جی نے اپنی بات پر زور دیتے ہوئے کہا۔

''جہاں آپ کو بہت سے طوطے بیٹھے ہوئے دکھائی دیں تو ان سے کہئے گا کہ میرے گھر میں پنجرے میں ایک طوطا ہے، اس نے تم سب کو سلام کہا ہے۔ اگر وہ کچھ جواب دیں تو مجھے بتا دیجئے گا'' طوطے نے کہا۔

''اچھّی بات ہے'' کہہ کر مرزا جی سفر پر روانہ ہوگئے۔ وہاں انہوں نے اپنے بچّوں کی فرمائش کے مطابق چیزیں خریدیں لیکن طوطے کی بات پوری کرنے کا موقع نہ مل سکا۔

ایک دن جب وہ ایسے باغ سے گذر رہے تھے جہاں اَمرود کے بہت سے درخت تھے تو انہوں نے دیکھا کہ اَمرود کے پیڑوں پر کئی طوطے بیٹھے ہوئے ہیں۔ انہیں طوطے کی بات یاد آ گئی، فوراً وہ رُک گئے اور زوردار لہجہ میں کہا۔ ''ارے طوطو! سنو میں نے گھر میں ایک طوطا پالا ہے جو پنجرے میں ہے۔ اس نے تمھیں سلام کہا ہے۔'' مرزا جی کے یہ کہتے ہی اَمرود کے پیڑ پر سے ایک بوڑھا سا طوطا زمین پر گرا، ایسے پڑا رہا جیسے مر گیا ہو۔

مرزا جی حیرت سے طوطے کو دیکھتے رہے اور سوچتے رہے کہ میں نے تو کنکر پتھر مارا بھی نہیں، پھر اسے کیا ہوگیا۔ طوطا زمین پر پڑا رہا اور مرزا جی اُسے وہیں چھوڑ کر واپس ہوگئے۔ کب تک اسے دیکھتے رہتے۔

کچھ دِنوں بعد جب وہ سفر سے اپنے گھر پہنچے، بچّوں کو ان کے تحفے دیئے جنھیں لے کر وہ خوشی خوشی کھیلنے میں مشغول ہوگئے تو پھر طوطے کا خیال آیا۔ اس کے پنجرے کے پاس گئے اور بتایا کہ اس کا پیغام انھوں نے طوطوں کو پہنچا دیا تھا، مگر کسی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ البتہ یہ کہتے ہی کہ ''میں نے گھر میں ایک طوطا پالا ہے جو پنجرے میں ہے، اس نے تمھیں سلام کہا ہے۔'' پیڑ پر سے ایک بوڑھا طوطا زمین پر گرا اور مر گیا۔


جیسے ہی یہ بات مرزا جی نے اپنے طوطے سے کہی، وہ پنجرے میں لگی ہوئی سلاخ پر سے نیچے گرا اور مر گیا۔ مرزا جی پھر حیرت میں پڑ گئے، اب اسے کیا ہوگیا۔ یہ بھی اسی بوڑھے طوطے کی طرح گر کر مر گیا۔ وہ تھوڑی دیر کھڑے دیکھتے رہے پھر ریاض اور فردوس کو آواز دی ''بچّو! آؤ دیکھو طوطے کو کیا ہوگیا؟''

ریاض اور فردوس دوڑتے ہوئے آئے۔ ''ارے یہ تو مر گیا ہے۔'' بے ساختہ اُن کی زبان سے نکلا ''آپ نے کیا کیا؟''

© KTLS NOT TO BE REPUBLISHED

مرزا جی نے پوری بات بتائی اور کہا ''میں نے کچھ نہیں کیا اس کا پیغام پہنچانے پر بوڑھے طوطے نے جو کیا تھا، صرف وہی بتایا تھا کہ اس کی طرح یہ بھی مر گیا۔''

''اب کیا کیا جائے۔'' فردوس نے سوال کیا۔



''اسے اب باہر پھینک دیتے ہیں، ورنہ چیونٹیاں پنجرے میں پہنچ جائیں گی۔''

''ٹھیک ہے، مگر ہمارے لئے دوسرا طوطا لا دیجئے گا۔'' فردوس نے مطالبہ کیا۔ ''اچھّی بات ہے، لا دوں گا۔'' پھر مرزا جی کے بیٹے ریاض نے پنجرے کا دروازہ کھول کر طوطے کو نکالا اور کھڑکی سے باہر پھینک دیا۔

جیسے ہی ریاض نے طوطے کو باہر پھینکا وہ ''ٹیں ٹیں، ٹکریہ، ٹکریہ (شکریہ، شکریہ)'' کہتا ہوا اُڑتا چلا گیا۔

مرزا جی اور بچّے طوطے کی چالاکی پر حیران ہوئے اور اُسے اُڑتا ہوا دیکھتے رہ گئے۔ انھوں نے یہ فیصلہ کیا کہ اب پنجرے میں کوئی اور طوطا نہیں پالیں گے۔

ماخوذ

I. الفاظ و معانی:

لہجہ : الفاظ کی ادائیگی کا انداز

تقریباً : قریب، اندازاً

بے ساختہ : بغیر کسی رکاوٹ کے، فوراً

البتّہ : اس کے سوا، مگر

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II. مترادفات:

فردوس : جنّت　　صحن : آنگن

اَمرود : جام　　حیرت : تعجب

III. اضداد لکھئے:

باہر × ---------　　چالاکی × ---------　　خریدنا × ---------

دن × ---------　　خوشی × ---------　　زمین × ---------

IV. ان پرندوں کی آواز پہچانئے اور خانوں میں لکھئے:

طوطا : چُوں چُوں　　(　　)

کوّا : کُوک　　(　　)

کوئل : ٹیں ٹیں　　(　　)

چڑیا : غٹرغوں　　(　　)

کبوتر : کائیں کائیں　　(　　)

V. درج ذیل سوالات کے جواب ایک لفظ یا جملے میں لکھئے:

1) فردوس کون ہے؟

2) ریاض نے اپنے باپ سے کیا لانے کی فرمائش کی؟

3) مرزا جی فردوس کے لیے کیا لائے؟

4) طوطے نے مرزا جی سے کیا فرمائش کی؟

5) باغ میں طوطے کس پیڑ پر بیٹھے تھے؟

6) کیا طوطا سچ مچ مر گیا؟

7) دونوں طوطوں کی چالاکی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VI. ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے:

1) مرزا جی نے اپنے طوطے کا سلام سنایا تو بوڑھے طوطے نے کیا کیا؟

2) مرزا جی نے بوڑھے طوطے کے مرنے کا ذکر کیا تو پنجرے میں بند طوطے نے کیا کیا؟

VII. یہ جملے کس نے، کس سے اور کب کہے؟

1) ''بتاؤ بیٹے تمہارے لیے کیا چیز لاؤں؟''

2) ''میرے لئے ایسی گڑیا لائیے گا جو کچھ بولتی ہو۔''

3) ''ارے طوطو! سنو میں نے گھر میں ایک طوطا پالا ہے جو پنجرے میں ہے، اس نے تمھیں سلام کہا ہے۔''

4) ''ارے یہ تو مر گیا۔''

VIII. مذکر کے مونث اور مونث کے مذکر لکھئے:

بیٹا ..... بوڑھی .....

باپ ..... بہن .....

IX. ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے:

فرمائش، لہجہ، مشغول، بے ساختہ، گرفتار

X. واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے:

ٹہنی، موقع، تحفہ، باغ، کھڑکیاں،

مطالبات، چیونٹیاں، طوطے، پنجرہ، بیٹیاں،

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد

فعل کی تعریف:

فعل وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو۔

1) طوطا ڈالی پر بیٹھا ہے۔ (’طوطا‘ فاعل، ’ڈالی‘ مفعول، ’بیٹھا‘ فعل)

2) شکیلہ خط لکھتی ہے۔ (’شکیلہ‘ فاعل، ’خط‘ مفعول، ’لکھتی‘ فعل)

3) خالد کل آئے گا۔ (’خالد‘ فاعل، ’کل‘ مفعول، ’آئے‘ فعل)

4) حامد بازار گیا ہے۔ (’حامد‘ فاعل، ’بازار‘ مفعول، ’گیا‘ فعل)

ان جملوں میں، بیٹھا ہے۔ لکھتی ہے۔ آئے گا۔ گیا ہے۔ ایسے کلمے ہیں جو کسی کام کے کرنے یا ہونے کو ظاہر کرتے ہیں۔ ان کو فعل کہتے ہیں۔

درج ذیل مثالوں میں فعل کی نشاندہی کیجئے۔

1) گھوڑا تیز دوڑتا ہے۔

2) ثمرہ اسکول گئی ہے۔

3) فہد دوڑ رہا ہے۔

4) طٰہٰ رو رہا ہے۔

5) شفا پڑھ رہی ہے۔

فاعل: وہ کلمہ جس سے فعل سرزد ہوتا ہے، اسے فاعل کہتے ہیں۔

مثالیں: (۱) عرفان روٹی کھاتا ہے۔

(۲) کوّا کائیں کائیں کر رہا ہے۔

ان جملوں میں کھانے کا کام عرفان سے اور کائیں کائیں کا کام کوّے سے سرزد ہو رہا ہے اس لیے انھیں فاعل کہتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مفعول: وہ کلمہ ہے جس پر فعل کا اثر پڑتا ہے۔

مثالیں:1) سلمان مٹھائی کھاتا ہے۔

2) لڑکی کتاب پڑھ رہی ہے۔

ان جملوں میں مٹھائی اور کتاب مفعول ہے۔پہلی مثال میں کھانے کا اثر مٹھائی پر اور دوسری مثال میں پڑھنے کا اثر کتاب پر ہو رہا ہے اس لیے انھیں مفعول کہتے ہیں۔

متعلق فعل: متعلق فعل وہ کلمے ہیں جو فعل کی حالت کی وضاحت کرتے ہیں۔

مثالیں:(1 وسیم ابھی آتا ہے۔

2) سانپ آہستہ آہستہ رینگ رہا ہے۔

3) نور سچ مچ آ گیا۔

4) مجرم نے ٹھیک ٹھیک کہا۔

ان جملوں میں ابھی، آہستہ آہستہ، سچ مچ، ٹھیک ٹھیک، فعل کی حالت بتاتے ہیں یا فعل کی وضاحت کرتے ہیں، انھیں متعلق فعل کہتے ہیں۔آتا ہے، رینگ رہا ہے، آ گیا، کہا فعل ہیں۔

درج ذیل جملوں میں متعلق فعل کی نشان دہی کیجیے:

1) گھوڑا تیز دوڑتا ہے۔

2) ہوا سَن سَن چل رہی ہے۔

3) وہ ہمیشہ مصروف رہتا ہے۔

4) نیلوفر آہستہ آہستہ کپڑے سی رہی ہے۔

5) ناظمہ جلدی جلدی سے میٹھا پکا رہی ہے۔

☆☆☆

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



سبق:10

بے مثال قربانی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی ابوطلحہؓ تھے، ان کی بیوی کا نام امّ سلیمؓ تھا۔ ابوطلحہؓ نے ایک دن مغرب کی نماز رسول اللہ ﷺ کے ساتھ پڑھی اور فوراً اپنے گھر گئے کیونکہ ان کا چھوٹا بچّہ کچھ دنوں سے بیمار تھا۔ جب ابوطلحہؓ گھر میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ بیوی نے ننھے بچّے کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر کمرے میں ایک طرف لِٹا رکھا ہے۔ یہ دیکھنے کے بعد ابوطلحہؓ مطمئن ہو گئے کہ بچّہ سو رہا ہے۔

پھر امّ سلیمؓ اپنے خاوند کے لیے کھانا لائیں۔ ابوطلحہؓ نے خوب سیر ہو کر کھانا کھایا۔ کھانے کے درمیان امّ سلیمؓ اِدھر اُدھر کی باتیں بھی کرتی رہیں اور خاوند کھانے سے فارغ ہو کر سو گئے۔ اور صبح ہوتے ہی ابوطلحہؓ نے بیوی سے پوچھا کہ بچّہ کا کیا حال ہے؟ ان کی بیوی امّ سلیمؓ نے کہا ''بچّہ جب سے بیمار ہوا ہے آج سے زیادہ اچھّی رات اس پر کبھی نہیں آئی۔'' یہ کہہ کر امّ سلیمؓ نے اپنے شوہر سے بڑے اطمینان سے کہا کہ ''ہمارے پڑوسی کتنے عجیب لوگ ہیں۔'' ابوطلحہؓ نے پوچھا کیوں کیا بات ہے؟ امّ سلیمؓ نے کہا ''انھوں نے مجھ سے عاریتاً ایک چیز لی تھی اب میں وہ چیز پڑوسی سے واپس مانگ رہی ہوں تو وہ دینے سے ہچکچا رہے ہیں۔ اور چیز واپس لینے پر شور مچانے لگے ہیں۔''

ابوطلحہؓ نے کہا ''پڑوسی بڑا بُرا کر رہے ہیں کہ جو چیز عاریتاً لی تھی اسے واپس لینے پر کیوں ایسا کر رہے ہیں؟'' اس پر امّ سلیمؓ نے کہا۔ ''اسی طرح آپ کا ننھا بچّہ بھی اللہ نے ہمیں عاریتاً دیا تھا، اب اس کو اللہ نے ہم سے واپس لے لیا ہے تو ہمیں بھی ہاؤ ہو نہیں کرنا چاہیے۔'' ابوطلحہؓ نے یہ خبر سن کر اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلَیہِ رَاجِعُونَ پڑھا اور کہا کہ تعریف کا حقیقی مالک بے شک صرف خدا ہے اور سارے کام اسی کی مرضی سے ہوتے ہیں۔ اور ساری چیزوں کا خالق اور مالک بھی وہی ہے۔ دیکھا تم نے؟ سمجھ دار اور صابر بیوی نے کتنی اچھّی طرح بچّے کی موت کے غم کو دُور کیا اور شوہر کو تسلّی دی۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بیٹے کی وفات کے کچھ دن بعد جب ابوطلحہؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچے تو آپ ﷺ نے فرمایا ''ابوطلحہؓ ! خدا یہ رات تم دونوں میاں بیوی پر مبارک کرے اور برکت دے'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ابوطلحہؓ کے دوسرے بیٹے عبداللہ کی پیدائش کی خوشخبری کے طور پر تھا۔ چنانچہ اس کے بعد ابوطلحہؓ کو خدا نے دوسرا بیٹا عطا کیا۔

ماخوذ

I. الفاظ و معانی:

اطمینان : تسکین، سکون

فوراً : جلد

عاریتاً : اُدھار، قرض

مطمئن : تسلّی سے رہنا، اطمینان سے رہنا

ہچکچانا : پس و پیش کرنا

II. ان سوالوں کے جواب صرف ایک جملے میں لکھئے۔

1) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابیؓ کا نام کیا تھا؟

2) امّ سلیمؓ کون تھیں؟

3) صحابی نے بیوی سے کیا پوچھا؟

4) امّ سلیمؓ کا جواب کیا تھا؟

5) امّ سلیمؓ نے اپنے خاوند کو اپنے بچّے کی موت کی خبر کس انداز میں سنائی؟

6) صحابی ابوطلحہؓ کے دوسرے بیٹے کا نام کیا تھا؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. ان سوالوں کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

1) صحابیؓ نے اپنے بچّے کے حال کے بارے میں اپنی بیوی سے کیا جواب پایا؟

2) بچّے کے انتقال کے کچھ عرصہ بعد صحابیؓ نے رسول اللہ ﷺ سے کیا سنا؟

3) اس واقعہ سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

IV. اِن کے واحد، جمع لکھئے۔

باتیں.....

چیز .....

صحابی.....

واقعہ.....

بیٹا .....

V. ''الف'' اور ''ب'' میں صحیح جوڑ لگائیے۔

'الف'	'ب'
1) صبح کی نماز	a) عصر
2) دوپہر کی نماز	b) مغرب
3) چار بجے کی نماز	c) عشاء
4) سورج غروب ہونے کے وقت کی نماز	d) فجر
5) رات کی نماز	e) ظہر

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:11

پہلے کام بعد میں آرام



کام کے وقت جو آرام کیا کرتے ہیں
آخر کار وہ ناکام رہا کرتے ہیں
سخت نادان ہیں وہ لوگ، برا کرتے ہیں
ہم تو داناؤں سے یہ قول سنا کرتے ہیں
پہلے تم کام کرو، بعد میں آرام کرو

لطف آرام میں ملتا ہے بہت، کام کے بعد
کام کرنے میں مزہ آتا ہے آرام کے بعد
دن کو جو سوئے تو کیا سوئے گا پھر شام کے بعد
دورِ راحت کا مزا تلخیٔ ایّام کے بعد
پہلے تم کام کرو، بعد میں آرام کرو

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

چھوڑتے کام ادھورا نہیں ہمّت والے
کام پورا نہیں کرتے کبھی راحت والے
بازی لے جاتے ہیں، جولوگ ہیں محنت والے
ہار جاتے ہیں سدا سُستی و غفلت والے
پہلے تم کام کرو، بعد میں آرام کرو

تلوک چند محرومؔ

تخلیق کار:

نام تلوک چند اور محرومؔ تخلص تھا۔ ابتداء میں اسکول کے ہیڈ ماسٹر رہے۔ تقسیم ہند کے بعد دہلی آئے اور یہاں کیمپ کالج میں لکچرر مقرر ہوئے۔ محرومؔ کو شعروشاعری سے گہری دلچسپی تھی۔ انھوں نے غزلیں، رباعیاں اور نظمیں لکھی ہیں۔ وہ ایک کامیاب شاعر تھے۔ ان کے کلام میں اخلاقی اور نیچرل مضامین کا کافی ذخیرہ ملتا ہے۔ برجستگی اور روانی ان کے کلام کی خوبیاں ہیں۔ گنج معانی، رباعیات محرومؔ، کاروانِ وطن اور بہارِ طفل آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔

I. الفاظ ومعانی:

دانا	: عقلمند	قول	: بات
نادان	: بے وقوف	لطف	: مزہ
تلخی	: کڑواہٹ	تلخیِ ایام	: مصیبتوں کا دور
ایام	: یوم کی جمع (دن) یعنی کئی دن	ادھورا	: باقی
راحت	: سکون	راحت والے	: آرام پسند
بازی لے جانا	: جیت جانا	سدا	: ہمیشہ
غفلت	: سستی، کاہلی، لاپرواہی		

© KTES NOT TO BE REPUBLISHED

II. مندرجہ ذیل کے جواب لکھئے:

1) زندگی میں لوگ ناکام کیوں ہوتے ہیں؟
2) داناؤں کا قول کیا ہے؟
3) آرام سے پہلے کیا کرنا چاہئے؟
4) لطف کس سے ملتا ہے؟
5) زندگی میں آرام کا دور کب آتا ہے؟
6) دن کو سونے کا انجام کیا ہوگا؟
7) راحت کب نصیب ہوتی ہے؟
8) بازی کون لے جاتے ہیں؟
9) سستی اور غفلت کا کیا انجام ہوتا ہے؟

III. اضداد:

مزہ × بدمزہ　　سونا × جاگنا
ادھورا × مکمل　　ناکام × کامیاب
سخت × نرم، ملائم　　نادان × عقلمند
برا × بھلا　　دن × رات
ہمّت × بزدلی　　چست × سُست

IV. ان اشعار کی تشریح کیجئے:

چھوڑتے کام ادھورا نہیں ہمّت والے
کام پورا نہیں کرتے کبھی راحت والے
بازی لے جاتے ہیں جو لوگ ہیں محنت والے
ہار جاتے ہیں سدا، سستی و غفلت والے

V: واحد کی جمع لکھئے:

وقت، یوم، تلخی، قول، دَور


اس نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:12


کرناٹک کا تاریخی شہر وجیاپورہ



© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نویں جماعت کے بچّے بہت خوش تھے۔ جب سے اسکول کے میلے میں ان کے ہم جماعت اسد اور اسماء کو گول گنبد اور ابراہیم روضے کے ماڈل پر پہلا انعام ملا تھا تب سے ،ان بچّوں پر ریاست کی تاریخی عمارتوں کی سیر کرنے کی دُھن سوار ہوگئی تھی۔ بچّوں کے اصرار پر استاد نے ان کی بات مان لی۔ پھر یہ چھوٹا سا قافلہ مشرقی کرناٹک کی سیر کے لئے نکل پڑا۔ یہ سفر شام سات بجے چکبالاپور سے شروع ہوا۔ صبح ساڑھے دس بجے ہم وجیاپورہ پہنچے۔

تاریخی اہمیت اور تہذیب کے اعتبار سے ملک بھر میں کرناٹک کو ممتاز مقام حاصل ہے۔ کرناٹک کے طول وعرض میں کئی تاریخی عمارتیں آج بھی عہد رفتہ کی یاد دلاتی ہیں۔ شہر وجیاپورہ عادل شاہوں کا پایہ تخت تھا۔ تاریخی عمارتوں کی وجہ سے اس شہر کو دنیا بھر میں شہرت حاصل ہے۔ اپنے گاؤں سے نکلے ہوئے یہ بچّے جوش وخروش کے ساتھ استاد کی رہبری میں گول گنبد پہنچے۔



گول گنبد دیکھ کر سب کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں۔ ایک ساتھ بچّوں نے کہا ''افّوہ! کیا غضب کا گنبد ہے'' ایک گائیڈ بھاگتا ہوا آیا۔ استاد نے اُس کی خدمت حاصل کی۔ وہ فرفر گول گنبد کی تاریخ بتا رہا تھا۔ بچّو! گول گنبد محمد عادل شاہ کا مقبرہ ہے۔ 30 سال میں اس کی تعمیر مکمل ہوئی۔ اس کی اونچائی 177 فٹ ہے۔ اندرونی گنبد کا قطر 144 فٹ ہے۔ اور اندرونی حصار 24.5 فٹ کا ہے۔ یہ دنیا کے چار بڑے گنبدوں میں سے ایک ہے۔ یہ گنبد تو بغیر ستون کے کھڑا ہے۔ استاد نے کہا ''بچّو! یہ سب تعمیر کا کمال ہے، تم ذرا اپنے ساتھیوں کو آواز دینا پھر دیکھنا یہ آواز تمھیں سات بار سنائی دے گی۔ اسی لیے اسے ''بولی گنبد'' کہا جاتا ہے۔ یہ دنیا کے عجائبات میں سے ایک ہے۔'' راستہ چلتے چلتے استاد یہاں کی دوسری تاریخی عمارتوں کے بارے میں بتانے لگے۔

NOT TO BE REPUBLISHED



جامع مسجد

علی عادل شاہ اوّل نے جامع مسجد تعمیر کی۔ یہ مسجد 1565ء میں مکمل ہوئی۔ اس کے اندرونی محراب میں علی عادل شاہ ہفتم نے سونے کا ملمع کروایا۔ آج بھی یہاں نماز ادا کی جاتی ہے۔



ابراہیم روضہ

ابراہیم روضہ کو ابراہیم عادل شاہ نے 1636ء میں اپنی بیوی کے لیے بنوایا۔ افسوس، اس کے مکمل ہوتے ہی بادشاہ کا انتقال ہوگیا۔ بیوی نے اس کا نام ''ابراہیم روضہ'' رکھا۔ وجیاپورہ کا ملک میدان، جوڑی گنبد اور تاج باؤلی بھی مشہور ہے۔

@KTES NOT TO BE REPUBLISHED



توپ

یہ بہت بڑی توپ ہے۔ جو احمد نگر میں پانچ دھاتوں سے تیار کی گئی تھی یہ چودہ فٹ لمبی اور 55 ٹن وزنی ہے۔اس شہر سے تقریباً 134 کلومیٹر کے فاصلے پر پتھر میں کھدے مندر بھی ہیں۔

آئی ہولے، بادامی، اور پٹّدکلّ میں چالوکیہ حکومت کی بنائی ہوئی عمارتیں ہیں۔ان تمام مقامات کی سیَر کے بعد اسی رات وجیاپورہ سے نکلے اور صبح ٹھیک ساڑھے دس بجے چکبالا پور لوٹ آئے، اس طرح ان کا یادگار سفر بخیر وخوبی ختم ہوا۔

ماخوذ

I.الفاظ ومعانی:

قافلہ	: مسافروں کا گروہ	رہبری	: راستہ بتانا، رہنمائی
آغاز	: ابتداء	اصرار	: بار بار کہنا
نگہبان	: نگرانی کرنے والا	ضائع	: بیکار
نظارہ کرنا	: دیدار کرنا،نظر ڈالنا، دیکھنا	ستون	: کھمبا، لاٹھ
نظارہ	: منظر	ماڈل	: نمونہ،نقشہ
حصار	: احاطہ، چاردیواری	گائیڈ	: رہنما، رہبر
دُھن	: ارادہ،شوق	مقبرہ	: قبر کی جگہ،وہ عمارت جو قبر پر بنائی جائے
روضہ	: مزار	غضب	: غصّہ،قہر

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ملمع : سونا یا چاندی چڑھایا ہُوا، گلٹ کیا ہوا عجائبات : حیرت انگیز چیزیں، انوکھی چیزیں

محراب : کمان نما جگہ جہاں کھڑے ہو کر امام نماز پڑھاتے ہیں

قطر : وہ خطِ مستقیم جو دائرہ کے مرکز سے گزرتا ہوا دونوں طرف محیط تک چلا جائے۔

II. مترادفات:

شہرت :	مقبولیت	رہبری :	رہنمائی
مقبرہ :	روضہ	انتقال :	موت
ملک :	وطن، دیش	ممتاز :	اعلیٰ، مشہور
ستون :	کھمبا		

III. مرکب الفاظ:

عہدِ رفتہ : گذرا ہوا زمانہ پایۂ تخت : صدر مقام

طول و عرض : لمبائی اور چوڑائی بخیر و خوبی : خیریت کے ساتھ

IV. صرف ایک جملے میں جواب لکھئے۔

1) اسد اور اسماء کو کس ماڈل پر انعام ملا تھا؟ 2) تاریخی سفر کا آغاز کہاں سے ہوا؟

3) ''گول گنبد'' کی خصوصیت کیا ہے؟ 4) جامع مسجد کس نے تعمیر کی؟

5) استاد نے کس کی خدمت حاصل کی؟

V. چار جملوں میں جواب لکھئے:

1) وجیاپورہ کی تاریخی عمارتیں کونسی ہیں؟

2) ''گول گنبد'' کی خوبیاں کیا کیا ہیں؟

3) بچّوں نے وجیاپورہ میں کیا دیکھا؟

4) ''گول گنبد'' کو دیکھ کر بچّوں کے دل میں کیا خواہش جاگی؟

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

VI. یہ جملے کس نے کس سے کہے؟

1) ''اُفوّہ ! کیا غضب کا گنبد ہے۔ '' 2) ''اسی لئے تو اُسے بولی گنبد کہا جاتا ہے۔''

3) ''یہ سب تعمیر کا کمال ہے۔'' 4) ''یہ آواز تمھیں سات بار سنائی دے گی۔''

5) ''علی عادل شاہ اوّل نے جامع مسجد تعمیر کی۔''

VII. خالی جگہوں کو قوسین میں دئے گئے مناسب الفاظ سے پُر کیجئے:

1) گول گنبد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا مقبرہ ہے۔

(ابراہیم عادل شاہ، عادل شاہ، محمد عادل شاہ، قلی قطب شاہ)

2) شہر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عادل شاہوں کا پایۂ تخت تھا۔

(بنگلورو، میسورو، وجیاپورہ، کلبرگی)

3) گول گنبد کی تعمیر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سال میں مکمل ہوئی۔

(40, 10, 30, 20)

4) ابراہیم روضہ کو ابراہیم عادل شاہ نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے لئے بنوایا۔

(بیوی، بچّوں، خاندان، شہرت)

5) بیوی نے اس کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رکھا۔

(جامع مسجد، گول گنبد، ابراہیم روضہ، تاج باؤلی)

VIII. الفاظ بنایئے اور لکھئے:

مثال کے مطابق دیئے گئے لفظ کے آگے حروف کا اضافہ کر کے شہر کے نام لکھئے۔

مثال: آگ ر ہ (وہ مشہور شہر جہاں تاج محل ہے۔)

1) وجے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (وہ ضلع جو گول گنبد کی وجہ سے مشہور ہے۔)

2) حیدر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (۔وہ شہر جہاں چار مینار ہے۔)

3) بنگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (وہ شہر جہاں ودھان سودھا ہے۔)

4) دہل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (ہندوستان کا پایۂ تخت ہے۔)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IX. زبان کی سرگرمیاں:

نیچے دیئے گئے الفاظ کے اضداد کا مشترکہ حرف ''م'' لکھا گیا ہے، مثال کے مطابق مناسب اضداد کے حروف لکھ کر خانے مکمل کیجئے۔

مثال خوشی ×	غ	م			
صبح ×			م		
نفرت ×	م				
سستا ×	م				
آغاز ×					م

X. زبان کی مشق:

ان بے ترتیب حروف میں عمارتوں کے نام چھپے ہیں۔ انھیں لکھئے۔

1) ج۔ ا۔ ت۔ ح۔ ل۔ م

2) ل۔ ہ۔ ل۔ ق۔ ا۔ ع۔ ل

3) ا۔ ج۔ ا۔ ی۔ م۔ ا۔ ر۔ ن۔ ب۔ ق

4) ط۔ ا۔ ن۔ م۔ ی

5) و۔ گ۔ ل۔ ن۔ ب۔ گ۔ د

XI. سرگرمی:

آپ بھی کسی تاریخی شہر کی سیر کیجئے اور وہاں کے تاریخی مقامات اور عجائبات کے متعلق اپنے استاد کی مدد سے مضمون لکھئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:13

انٹرنیٹ







کمپیوٹر انسان کی زندگی کا ایک اہم حصّہ بن گیا ہے۔ گھر پر بھی اور کام کی جگہوں پر بھی حکومت کے تمام شعبے، اور تجارتی ادارے دنیا بھر میں قائم دفتروں کو کمپیوٹر کے ذریعے ہی مسلسل اطلاعات بھیجتے رہتے ہیں۔

آج کی دنیا میں انفارمیشن (Information) یعنی معلومات اسی وقت اہمیت رکھتی ہیں، جب کہ وہ جدید تر ہوں اور اپنے متعلقہ لوگوں تک وقت پر پہنچ جائیں۔ ٹیلی ویژن (T.V) اور سیٹلائٹ (Satellite) کی ایجاد کے بعد سے انسانی زندگی کا نقشہ ہی بدل گیا ہے اور ترسیلی طریقۂ کار میں بہتر سے بہتر کی دریافتیں آئے دن وجود میں آتی جارہی ہیں۔

آج ترسیلی آلات کے ذریعہ نہ صرف تحریریں ایک جگہ سے دوسری جگہ آن کی آن میں پہنچائی جاتی ہیں بلکہ اس کے ساتھ ہی تصویریں اور آوازیں بھی لمحوں میں دُور دُور کے مقامات پر بھیجی جاتی ہیں۔ کمپیوٹر میں ای میل (Email) اور w w w.com (ڈبلیو ڈبلیو ڈبلیو ڈاٹ کام) نے لاکھوں میلوں پر پھیلی ہوئی دنیا کے فاصلوں کو

@NCTB NOT TO BE REPUBLISHED

ختم کر دیا ہے۔ اسے نیٹ ورک کا نام دیا گیا ہے اور نیٹ ورک کو انٹرنیٹ (Internet) کی ریڑھ کی ہڈی کہا جاسکتا ہے۔

انٹرنیٹ (Internet) مختلف کمپیوٹروں کے باہمی ربط کا نام ہے جس کی مدد سے ایک دوسرے سے منسلک کمپیوٹروں کے صارفین (Users) انفارمیشن کا تبادلہ کرتے ہیں۔ نیٹ ورک میں منفرد کمپیوٹر تاروں کے ذریعہ جُڑے ہوتے ہیں اور ان تاروں میں سفر کرنے والی برقی لہروں کی مدد سے ایک کمپیوٹر سے دوسرے کمپیوٹر کو پیغام پہنچائے جاتے ہیں۔

جب دو سے زیادہ کمپیوٹروں کو کسی کڑی کے ذریعہ جوڑا جاتا ہے تو ان میں سے ہر ایک میں کمانڈ (Command) پیغامات، پروگرام، اور فائلوں سبھی کا لین دین ہوسکتا ہے۔ یہ سب سے چھوٹا نیٹ ورک بن جاتا ہے۔ دنیا بھر میں پائے جانے والے کئی ایسے نیٹ ورکوں کا جال انٹرنیٹ (Internet) کہلاتا ہے۔

سب سے پہلے انٹرنیٹ امریکہ کے محکمۂ دفاع نے 1960ء میں شروع کیا۔ بعد میں اس کا دائرہ کار یورپ تک پھیلا اور اب یہ پوری دنیا میں پھیل چکا ہے۔

انٹرنیٹ (Internet) ایک ایسے خاندان کی طرح ہے جس میں سبھی اپنے خیالات ونظریات کو آپس میں بانٹ سکتے ہیں۔ اور ان پر ایسا کرنے کے لیے کوئی پابندی عائد نہیں ہوتی۔ اس لیے ویب (web) پر ہمیں بے شمار قسم کے ڈاکیومنٹ مل جاتے ہیں۔

انٹرنیٹ ایک طرح کی لائبریری ہے جس میں ممبران اپنی خاص کتابوں اور کیسٹوں (Cassetes) کو بھی اپنے درمیان بانٹ سکتے ہیں۔ دنیا بھر کے اربوں انسان مختلف قسم کی دلچسپ اہم اور طرح طرح کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ انٹرنیٹ میں متن، آواز اور تصویریں پائی جاتی ہیں۔ ممبروں کو چندہ کی رقم ادا کرنی پڑتی ہے، اور خاص طور پر اجازت حاصل کرنی ہوتی ہے۔

انٹرنیٹ کے ذریعہ درج ذیل فوائد بھی حاصل کئے جاسکتے ہیں:۔

- نوکریاں تلاش کی جاسکتی ہیں۔
- دنیا کے کسی بھی کونے کے لوگوں سے دوستی بڑھائی جاسکتی ہے۔
- بیرونی ممالک میں مقیم شخص کو روبرو دیکھتے ہوئے گفتگو کی جاسکتی ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

- دنیا کے لوگوں کے ساتھ اپنی پسند کے ٹی.وی. پروگراموں کے بارے میں گفتگو کی جاسکتی ہے۔
- غیر ملکی زبان سیکھی جاسکتی ہے۔
- دوست کی سالگرہ کے موقع پر سالگرہ کا برقی کارڈ بھیجا جاسکتا ہے۔
- عجائب خانے دیکھے جاسکتے ہیں۔
- پسندیدہ فلم اسٹاروں کی تازہ ترین تصویریں اور فلمی ٹریلر دیکھے جاسکتے ہیں۔
- دینی معلومات کے حصول کے لئے سوال و جواب بھی کئے جاسکتے ہیں۔
- خود کا گھریلو صفحہ تیار کرسکتے ہیں جس سے اپنے خاندان اور دوسری دلچسپیوں کے بارے میں معلومات اور تصویریں دوسروں کو بھیج سکتے ہیں۔
- کسی بھی سرکاری یا غیر سرکاری دفتر کے اصول، قانون یا معلومات گھر بیٹھے ہی حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ بینکوں کے کھاتے کھول سکتے ہیں، روپیہ جمع کرسکتے ہیں، نکال سکتے ہیں، ٹرانسفر کرسکتے ہیں بلکہ بینک ڈرافٹ تک بنا سکتے ہیں۔
- دور دراز مقامات پر اپنی عرضی یا درخواست بھیج سکتے ہیں۔

ادارہ

I. الفاظ و معانی:

انٹرنیٹ : کمپیوٹروں کے باہمی ربط کا نام

شعبہ : ادارہ

انفارمیشن : معلومات

مسلسل : لگاتار

باہمی ربط : آپسی تعلق

صارفین : استعمال کرنے والے

متن : کتاب کا اصلی مضمون

ترسیل : پہنچانا

منسلک : جڑا ہوا

II. مترادفات:

جدید : نیا باہمی : آپسی ایجاد : دریافت ربط : تعلق / میل جول

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. مرکبات:

طریقۂ کار، لین دین، دائرہ کار، بے شمار

IV. ان سوالوں کے جواب لکھئے۔

1) آج کل اطلاعات کس کے ذریعہ بھیجی جارہی ہیں؟

2) انٹرنیٹ کے معنی کیا ہیں؟

3) انٹرنیٹ کی ابتداء کب اور کہاں ہوئی؟

4) انٹرنیٹ کے دو یا تین فوائد لکھئے۔

5) کمپوٹر سے کمپوٹر کو پیغام کس طرح پہنچایا جاسکتا ہے؟

6) نیٹ ورک کسے کہا جاتا ہے؟

V . خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

1) نیٹ ورک کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی ریڑھ کی ہڈی کہا جاسکتا ہے۔

2) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مختلف کمپوٹروں کے باہمی ربط کا نام ہے۔

3) ویب (web) پر بے شمار قسم کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مل جاتے ہیں۔

4) انٹرنیٹ میں متن، آواز اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پائی جاتی ہیں۔

VI. جمع کی واحد اور واحد کی جمع لکھئے۔

ادارے، جگہ، شعبہ، دفاتر، تصاویر،

پیغام، اطلاعات، دریافت۔ فاصلہ، دائرہ

عملی سرگرمی: (الف) اپنے استاد کی مدد سے معلوم کیجئے کہ ان آلات کو کس نے ایجاد کیا۔

ٹی وی، ریڈیو، ٹیلی فون، بجلی کا بلب، کمپیوٹر

(ب) w w w کا مطلب واضح کیجئے۔

☆☆☆

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



سبق:14

آدمی نامہ

دنیا میں بادشاہ ہے سو ہے وہ بھی آدمی
اور مفلس و گدا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

زردار بے نوا ہے سو ہے وہ بھی آدمی
نعمت جو کھا رہا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

ٹکڑے جو مانگتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

یاں آدمی ہی نار ہے اور آدمی ہی نور
ہاں آدمی ہی پاس ہے اور آدمی ہی دُور

کل آدمی کا حسن و قبح میں ہے ہاں ظہور
شیطان بھی آدمی ہے جو کرتا ہے مکر و زور

اور ہادی رہنما ہے سو ہے وہ بھی آدمی

یاں آدمی پہ جان کو وارے ہے آدمی
اور آدمی ہی تیغ سے مارے ہے آدمی

پگڑی بھی آدمی کی اُتارے ہے آدمی
چلّا کے آدمی کو پُکارے ہے آدمی

اور سُن کے دوڑتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

نظیر اکبرآبادی

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تعارف:



ولی محمد نام اور نظیر تخلص 1735ء میں دلّی میں پیدا ہوئے۔ بعد میں اکبرآباد (آگرہ) میں سکونت اختیار کی۔ عربی، فارسی، کے علاوہ ہندوستان کی مختلف زبانوں سے واقف تھے۔ فن خطاطی میں کمال حاصل کیا تھا۔ ان کو عوامی شاعر بھی کہا جاتا ہے۔ ہولی، روٹیاں، آدمی نامہ، کلجگ وغیرہ آپ کی شاہکار نظمیں ہیں۔ 1830ء میں وفات پائی۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. الفاظ و معانی:

مفلس : غریب گدا : فقیر

زردار : دولت مند، امیر نار : آگ

نُور : روشنی تیغ : تلوار

ظہور : ظاہر ہونا رہنما : راستہ دکھانے والا

ہادی : ہدایت کرنے والا

II. مرکب الفاظ:

بےنوا : بےآواز، کمزور زردار : دولت مند

حُسن و قبح : خوبی و خامی مکر و زور : دھوکا اور زبردستی

III. ان الفاظ کے اضداد لکھئے:

بادشاہ، نور، پاس

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے:

1) مفلس و گدا کون ہے؟

2) ٹکڑے مانگنے والے سے مراد کیا ہے؟

3) آدمی کو نار و نور کیوں کہا گیا ہے؟

4) پگڑی اُتارنے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

V. تفصیلی جواب لکھئے:

1) آدمی نامہ میں ''آدمی'' کس کس طرح کا بتایا گیا ہے؟

VI. ان کے مترادفات لکھئے:

مفلس، گدا، نور، نار، تیغ

VII. ان کی جمع لکھئے۔

ٹکڑا —

نُور —

پگڑی —

نعمت —

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:15

عقلمند قاضی (حکایت)



ہسپانیہ کے سلطان حکم ابن ہشام نے ستائیس سال حکومت کی۔انہوں نے ایک شاندار محل بنوانے کا خیال کیا۔محل بنوانے کیلئے جگہ چُنی گئی۔اس جگہ پر ایک بڑھیا کی تھوڑی سی زمین بھی تھی۔اسے سلطان نے ہر قیمت پر خریدنے کی پیش کش کی،لیکن بڑھیا اپنے باپ دادا کی نشانی چھوڑنے کے لئے تیار نہ تھی۔آخر سلطان نے زبردستی بڑھیا کی زمین پر قبضہ کیا اور محل اور باغات کی تعمیر کی۔


بڑھیا قاضی کی عدالت میں حاضر ہوئی۔سلطان کے خلاف مقدمہ دائر کیا اور کہا ''میں ایک غریب اور بے کس بڑھیا ہوں اور میرا مقابلہ سلطان سے ہے۔گویا ایک تنکا پہاڑ سے ٹکرا رہا ہے،انصاف کی توقع تو کم ہے۔لیکن آپ کا کام انصاف کرنا ہے،آپ عدل ومساوات سے کام لیں اور میرا حق مجھے دلوادیں۔''



قاضی یہ سن کر سوچ میں پڑ گئے کہ اس تُند مزاج سلطان کو کیسے کہے۔آخر انہوں نے ایک ترکیب نکالی۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ایک دن جب سلطان اپنے نئے محل کے باغ میں سیر کر رہے تھے تو قاضی بھی ایک گدھے کے ساتھ وہاں آ پہنچے۔ بادشاہ کو سلام کیا اور عرض کیا ''اگر اجازت ہو تو اس باغ کی مٹی سے ایک بورا بھر لوں۔'' سلطان نے اجازت دے دی۔ قاضی نے بورا مٹی سے خوب بھر لیا۔ اٹھانا چاہا تو اُٹھ نہ سکا۔ پھر بادشاہ سے عرض کیا۔



''عالیجاہ گستاخی معاف۔ ذرا میری مدد فرمایئے اور یہ بورا اس گدھے پر لاد دیجئے۔''

سلطان کو قاضی کی سادگی پر ہنسی آئی مگر وہ مذاق میں بورا اٹھانے لگا لیکن بورا اتنا بھاری تھا کہ دونوں مل کر بھی نہ اٹھا سکے۔



تب قاضی نے کہا ''امیر المومنین ایک بورا مٹی کا بوجھ تو آپ دوسرے کی مدد سے بھی نہ اٹھا سکے۔ قیامت کے دن جب اللہ تعالیٰ کے حضور میں ذرّے ذرّے کا حساب ہوگا تو آپ اس غریب بڑھیا کی زمین کا بوجھ کیسے اٹھائیں گے جو آپ نے زبردستی اس سے چھین لی ہے۔''

سلطان قاضی کی بات سن کر لرز گیا۔ اور اسی وقت وہ محل اور اس کے ساتھ جتنے باغات تھے جن پر لاکھوں روپیہ کی لاگت آئی تھی سب اس غریب بڑھیا کو بلا کر دے دیئے۔ پھر قاضی کی تعریف کی کہ انہوں نے اسے اللہ تعالیٰ کے حضور میں ایک بڑے بوجھ سے آزاد کر دیا۔

ماخوذ

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. الفاظ ومعانی:

محل : بادشاہوں کا مکان، شان وشوکت سے سجایا ہوا مکان

عدالت : کچہری، انصاف کرنے کی جگہ

عدل : انصاف

مزاج : طبیعت، عادت

سیر : تفریح، گھومنا، پھرنا

گستاخی : بے ادبی، شرارت

لرز جانا : کانپنا، تھرتھرانا

توقع : آس، امید

تُند : تیز، سخت، غضب ناک

ترکیب : تدبیر، طریقہ

بورا : تھیلا

ذرّہ : تھوڑا، ریزہ، بہت کم

قبضہ : قابو

II. مترادفات:

توقع : امید

سلطان : بادشاہ

مساوات : برابری، یکسانیت

بوجھ : وزن

زمین : ارض

انصاف : عدل

ترکیب : منصوبہ

III. مرکب الفاظ:

پیش کش : تندمزاج

IV. صرف ایک جملے میں جواب لکھئے۔

1) سلطان حکم ابن ہشام نے کتنے سال حکومت کی؟
2) محل بنوانے کا خیال کس نے کیا؟
3) سلطان نے کس کی زمین پر قبضہ جمایا؟
4) بڑھیا نے کس کے خلاف مقدمہ دائر کیا؟
5) بڑھیا کو زمین واپس دلانے کی ترکیب کس نے نکالی؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

6) سلطان کہاں سیر کر رہا تھا؟

7) قاضی نے بادشاہ سے کیا عرض کیا؟

8) سلطان کو ہنسی کیوں آئی؟

9) سلطان اور قاضی بورا اٹھانے میں کامیاب کیوں نہیں ہوئے؟

10) سلطان قاضی کی بات سن کر کیوں لرز گیا؟

11) سلطان نے غریب بڑھیا کو کیسے نوازا؟

12) سلطان نے قاضی کی تعریف کیوں کی؟

V. یہ جملے کس نے، کس سے کہے؟

1) ''میرا حق مجھے دلا دیں۔''

2) ''عالیجاہ گستاخی معاف۔ ذرا میری مدد فرمایئے اور یہ بورا اس گدھے پر لاد دیجئے۔''

3) ''اگر اجازت ہو تو اس باغ کی مٹّی سے ایک بورا بھر لوں۔''

4) ''ذرّے ذرّے کا حساب ہوگا۔''

VI. خالی جگہوں کو قوسین میں دیئے گئے مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔

1) ستائیس سال.....کی۔ (عبادت، حکومت، سلطنت، عدالت)

2) میں ایک.....اور بے کس بڑھیا ہوں۔ (امیر، غریب، فقیر، سخی)

3) سلطان اپنے نئے.....کے باغ میں سیر کر رہا تھا۔ (محل، گھر، قید خانہ، عبادت خانہ)

4) قاضی ایک.....کے ساتھ آ پہنچا۔ (گدھے۔ گوڑے۔ بیل۔ اونٹ)

5) اللہ تعالیٰ کے حضور میں ذرّے ذرّے کا.....ہوگا۔ (ثواب۔ حساب۔ اجر۔ قیمت)

VII. ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

زمین، غریب، حق، قید، دن

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

VIII.ان الفاظ کی جمع لکھئے۔

مقدمہ، محل، غریب، باغ، گدھا، بوڑھا

قواعد

ضمیر کی تعریف۔ ضمیر وہ کلمہ ہے جو اسم کے بدلے یا اسم کی جگہ استعمال کیا جائے۔

مثال:

1) (الف) احمد آیا۔ احمد نے کہا کہ احمد بنارس جائے گا۔

(ب) احمد آیا اس نے کہا کہ وہ بنارس جائے گا۔

2) (الف) وسیم نے کہا کہ وسیم کا بھائی وسیم کو مارے گا۔

(ب) وسیم نے کہا کہ اس کا بھائی اسے مارے گا۔

پہلی مثال میں احمد کا نام تین مرتبہ آیا ہے۔ دوسری مثال میں بھی وسیم کا نام تین مرتبہ آیا ہے۔ ناموں کو بار بار دہرانے سے عبارت بھدّی اور ثقیل معلوم ہوتی ہے۔ اس لئے دونوں مثالوں کے حصہ (ب) میں ناموں کے بجائے اس نے، وہ اور اس کا، اسے مختصر الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ ان الفاظ کو قواعد میں ضمیر کہتے ہیں۔

ضمیر کی مثالیں:

یہ میرا قلم ہے۔ وہ میری کتاب ہے۔

وہ کتاب جو کل گم ہوگئی تھی آج مل گئی۔ یہ قلم جس کا ہے وہ آکر لے جائے۔

آپ کا مزاج کیسا ہے؟ تم کہاں جارہے ہو؟

بازار میں کوئی آدمی جارہا ہے۔ احمد کچھ مٹھائی لایا ہے۔

مندرجہ بالا جملوں میں، یہ، وہ، جو، جس، کیسا، کہاں، کوئی، کچھ، یہ تمام ضمیر کی مثالیں ہیں۔ ان الفاظ کے علاوہ اس، ان، جنہوں، جس، کون، کیوں، یہ بھی ضمیر کی مثالیں ہیں۔

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

ضمیر کی اقسام:

ضمیر کی پانچ قسمیں ہیں۔

1) ضمیر شخصی:

جیسے: تو، میں، ہم، تم، آپ

2) ضمیر اشارہ۔

جیسے: یہ، وہ، اِس، اُس، اُن

3) ضمیر موصولہ۔

جیسے: جو، جس، جن، جنہیں

4) ضمیر استفہام۔

جیسے: کون، کیسا، کہاں، کیوں

5) ضمیر تنکیر۔

جیسے: کوئی، کچھ

مشق: درج ذیل جملوں میں ضمیر کی نشاندہی کیجئے۔

1) میں کہتا ہوں کہ تم آج نہیں جاؤ گے۔
2) اکبر آیا ہے اور وہ کہتا ہے کہ اس کا قلم مل گیا۔
3) اختر نے کہا کہ اس کا بھائی آیا ہے۔
4) آج ہم سیر کو جائیں گے۔
5) اسلم سے کہو کہ وہ اپنا کام خود کرے۔
6) وہ کہاں جا رہا ہے؟
7) جو کچھ کہنا ہے جلد کہو۔
8) حمیدہ کی طبیعت کیسی ہے؟

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق۔16

غزل

غم کی آندھی جو چلے گی تو بکھر جاؤں گی
میرے دشمن کو گماں ہے کہ میں مر جاؤں گی

وہ نہیں جانتا سونا ہوں کوئی موم نہیں
آگ میں تپ کے میں کچھ اور نکھر جاؤں گی

ان حسیں پھولوں کی خوشبو ہی مجھے کھینچتی ہے
باغ اردو میں نہ کیوں شام وسحر جاؤں گی

میں نے تدبیر سے طوفانوں کے رخ موڑے ہیں
موج دریا یہ سمجھتی ہے میں ڈر جاؤں گی

میری نیکی سے مجھے یاد رکھا جائے گا نجمؔ
کام ایسا کوئی اس دہر میں کر جاؤں گی

مہ جبین نجمؔ

تخلیق کار: مہ جبین، تخلص نجمؔ۔ ۱۱ر ستمبر ۱۹۵۷ء بمقام میسور میں پیدا ہوئیں۔ میسور یونیورسٹی سے بی۔ایس۔سی۔ یم۔اے۔(اردو) اور پی۔ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کیں۔ مہاراجہ کالج میسورو میں درس و تدریس کی خدمات انجام دیتی رہیں۔ آج کل فائن آرٹس کالج کی پرنسپل کے عہدہ پر فائز ہیں۔ افسانہ نگاری اور شاعری سے کافی دلچسپی ہے۔



''آؤ گائیں خوشی منائیں'' (بچّوں کے گیت) ''اردو زبان کا جادو'' (لسانی کھیل) ''پیاس'' (افسانوں کا مجموعہ) وغیرہ ان کی تصانیف ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. الفاظ ومعانی:

آندھی	:	تیز ہوا
گماں	:	شک وشبہ
تدبیر	:	علاج، چارہ، درماں
دہر	:	دنیا

II. مرکبات:

باغِ اردو	:	چمن اردو
موجِ دریا	:	دریا کی موج

III. ان اشعار کا مطلب لکھئے:

(1) غم کی آندھی جو چلے گی تو بکھر جاؤں گی
میرے دشمن کو گماں ہے کہ میں مرجاؤں گی

(2) میں نے تدبیر سے طوفانوں کے رخ موڑے ہیں
موجِ دریا یہ سمجھتی ہے میں ڈر جاؤں گی

IV. ان الفاظ کی ضد لکھئے:

غم، دشمن، آگ، خوشبو، پھول، نیکی، شام،

V. ان مصرعوں کو مکمل کیجئے۔

1) آگ میں تپ کے میں.....
2) ان حسیں پھولوں کی .....
3) باغ اردو میں نہ کیوں .....
4) میری نیکی سے مجھے .....
5) کام ایسا کوئی اس.....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VI. ان مصرعوں کو صحیح ترتیب دے کر اشعار مکمل کیجئے۔

۱) وہ نہیں جانتا سونا ہوں کوئی موم نہیں	کام ایسا کوئی اس دہر میں کر جاؤں گی
۲) ان حسیں پھولوں کی خوشبو ہی مجھے کھینچتی ہے	میرے دشمن کو گماں ہے کہ میں مر جاؤں گی
۳) غم کی آندھی جو چلے گی تو بکھر جاؤں گی	موج دریا یہ سمجھتی ہے میں ڈر جاؤں گی
۴) میری نیکی سے مجھے یاد رکھا جائے گا تجم	باغ اردو میں نہ کیوں شام وسحر جاؤں گی
۵) میں نے تدبیر سے طوفانوں کے رخ موڑے ہیں	آگ میں تپ کے میں کچھ اور نکھر جاؤں گی

سرگرمی:(1) مختلف غزلیں مترنم انداز میں اپنے دوستوں کو سنایئے۔

(2) درجِ ذیل غزل کے ہم قافیہ الفاظ کی نشاندہی کیجئے اور لکھئے۔

اُلٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا — دیکھا اس بیماری دل نے آخر کام تمام کیا

عہدِ جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند — یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا

ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی — چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں ہم کو عبث بدنام کیا

یاں کے سفید وسیاہ میں ہم کو دخل جو ہے سو اتنا ہے — رات کو رو رو صبح کیا یا دن کو جوں توں شام کیا

میرؔ کے دین ومذہب کو اب پوچھتے کیا ہو اُن نے تو — قشقہ کھینچا دیر میں بیٹھا کب کا ترک اسلام کیا

میر تقی میرؔ

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



سبق:17

لالچ بُری بَلا ہے

کسی گاؤں میں ایک کسان رہا کرتا تھا۔ وہ بہت لالچی تھا اور چاہتا تھا کہ اس کے اردگرد کے کسانوں کی زمینیں بھی اسے مل جائیں۔ اس کے پاس اس کی اپنی اتنی زمین تھی کہ جس سے وہ اپنی بیوی، بچوں کا خرچ بڑی آسانی سے اُٹھا سکتا تھا۔ علاقے کے ایک بڑے زمین دار کو اس کے لالچ کا پتہ چلا تو وہ کسان سے ملا اور کہا کہ ''اگر میں تمہیں زمین دے دوں تو تم اُس پر بہت سارا غلہ اُگاؤ گے؟'' اس نے کہا کہ ''ہاں اگر آپ مجھے اپنی زمین دے دیں تو میں اور زیادہ غلہ اُگاؤں گا۔''

زمین دار جانتا تھا کہ یہ بڑا لالچی ہے۔ اس نے کہا: ''زمین حاصل کرنے کے لیے شرط یہ ہے کہ تم جہاں تک بھاگ سکتے ہو بھاگنا اور شام کو سورج ڈوبنے سے پہلے تمہیں اُسی جگہ پہنچنا ہوگا، جہاں سے تم بھاگے تھے۔ جہاں تک تم بھاگ کر آؤ گے وہ تمام زمین میں تمہیں دے دوں گا۔''

صبح سویرے ہی کسان زمین دار کے یہاں پہنچ گیا اور اس کے بتائے ہوئے نشان سے بھاگنا شروع کر دیا۔ لالچ میں بھاگتے بھاگتے اس کی سانس پھولنے لگی، وہ ستانے کے لئے بیٹھ گیا۔ کچھ دیر بعد پھر بھاگنا شروع کیا۔ اس مرتبہ اُس کی سانس اور زیادہ پھولنے لگی۔ پھر کچھ دیر بیٹھنے کے بعد اُس نے اور بھی تیز بھاگنا شروع کیا اور پھر سوچا کہ مَیں کافی دُور آ گیا ہوں اب مجھے واپس لوٹنا چاہیئے۔

واپسی کے وقت اس کی سانس اور بھی زیادہ پھولنے سے وہ دو مرتبہ گر پڑا پھر اس نے ہمّت کی اور بھاگنا شروع کیا۔ سورج ڈوبنے والا تھا، اُس نے اور تیز بھاگنا چاہا، مگر مقررہ نشان سے چند گز پہلے ہی گر پڑا اور مر گیا۔ لوگ اسے دفناتے وقت کہہ رہے تھے ''اللہ سے دعا ہے کہ ایسا لالچ کسی کو نہ آئے۔''

اس لالچی آدمی کو زمین تو ملی مگر ''صرف دو گز'' وہ بھی زمین کے نیچے۔

ٹالسٹائی

@KPBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. الفاظ ومعانی:

لالچ : حرص　　اِردگرِد : اطراف واکناف

غلّہ : اناج کا ڈھیر　　کسان : کھیتوں میں کام کرنے والا، کاشتکار

شدّت : حد سے زیادہ

II. اضداد:

شام × صبح　　زمین × آسمان

شروع × ختم　　دُور × نزدیک

III. ان سوالوں کے جواب لکھئے۔

1) کسان کیسا آدمی تھا؟
2) زمیندار نے کسان سے کیا کہا؟
3) زمیندار کی شرط کیا تھی؟
4) کسان نے زمیندار کی شرط کو کیوں مانا؟
5) کیا کسان نے زمین حاصل کر لی؟
6) آخر کار کسان کے ساتھ کیا ہوا؟
7) اس واقعہ سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

IV. ان الفاظ کو مناسب ترتیب سے جوڑ کر صحیح جملے لکھئے۔

1) لالچی بہت کسان تھا۔ (.....)
2) پہنچا کسان زمیندار صبح سویرے کے پاس (.....)
3) ڈوبنے والا سورج تھا۔ (.....)
4) وقت لوگ کہہ رہے تھے اِسے دفناتے۔ (.....)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V. مثال کے مطابق اِن الفاظ کے حروف خانوں میں لکھیں۔

	ک	س	ا	ن
مثال: کسان				
1) زمین				
2) لالچ				
3) شروع				
4) حاصل				

VI. مثال کے مطابق پیشہ وروں کے نام لکھئے۔

مثال: موٹر گاڑی چلانے والا = شوفر / ڈرائیور

1) ہوائی جہاز اُڑانے والا =

2) مٹی کے برتن بنانے والا =

3) جوتے سینے والا =

4) کپڑے سینے والا =

5) مدرسہ میں پڑھانے والا =

VII. مثال کے مطابق اِن الفاظ کے مرکبات بنائیے۔

مثال: زمین + دار = زمین دار

1) دُکان + ... = ...

2) عزّت + ... = ...

3) مکان + ... = ...

4) مال + ... = ...

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد

محاورہ:

دو یا دو سے زیادہ لفظوں کا مجموعہ جسے حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی میں استعمال کیا جائے ''محاورہ'' کہلاتا ہے۔محاورہ کے لغوی معنیٰ گفتگو کرنا یا ہم کلام ہونا ہے۔محاورے مصدر کی علامت ''نا'' کے ساتھ بنتے ہیں۔

مثلاً: نو دو گیارہ ہونا : **بھاگ جانا**

ناک کٹنا : رسوا ہونا

مکھیاں مارنا : بے کار وقت گذارنا

چند محاوروں کا مطلب اور جملوں میں استعمال:

1) آڑے آنا : رکاوٹ پیدا کرنا

میری کامیابی کی راہ میں دشمن کی چال آڑے آ گئی۔

2) آگ بگولا ہونا : سخت غصّہ ہونا

آپ بے کار میں آگ بگولا ہو رہے ہیں۔

3) دُم دبا کر بھاگنا : بے حد ڈر کر بھاگ جانا۔

بلّی کو دیکھ کر چوہے دُم دبا کر بھاگ گئے۔

4) عش عش کرنا : تعریف کرنا

اس کی بہادری پر لوگ عش عش کرنے لگے۔

سرگرمی:

اپنے استاد کی مدد سے دس محاورے لکھئے اور اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

☆☆☆

@TSBI NOT TO BE REPUBLISHED



سبق:18

خطوط نویسی

زبانی گفتگو کے بعد خطوط پیغام رسانی کا اہم ذریعہ ہیں۔ان کے ذریعہ ہم اپنے خیالات و جذبات دوسروں تک پہنچاتے ہیں۔ذاتی زندگی سے لے کر کاروباری دُنیا اور سرکاری دفاتر سب جگہ خطوط کا اہم رول رہا ہے۔ہم میں شاید ہی ایسا کوئی فرد ہو جس نے کبھی کوئی خط نہ لکھا ہو۔اپنی خیریت اپنے خاندان والوں یا دوستوں تک پہنچانے اور ان کی خیریت جاننے کے لئے ہم خط لکھتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خطوط کی قسمیں:

1) نجی یا ذاتی خطوط 2) تجارتی یا کاروباری خطوط 3) سرکاری یا دفتری خطوط

نجی یا ذاتی خطوط:

ذاتی خطوط وہ ہوتے ہیں جو ہم اپنے دوست واحباب،عزیز،رشتہ دار،اور کسی واقف کار کو لکھتے ہیں۔جس میں ہم اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہیں۔اپنی ضرورتوں اور مسائل کا ذکر کرتے ہیں۔کسی اہم معاملے پر مشورہ طلب کرتے ہیں۔خوشی اور غم کی اطلاع دیتے ہیں۔اپنی خیریت سے آگاہ کرتے ہیں۔ان کی خیریت چاہتے ہیں۔

تجارتی یا کاروباری خطوط:

تجارتی خطوط وہ ہوتے ہیں جو کاروبار کو فروغ دینے کے لئے ایک دوسرے کو لکھے جاتے ہیں۔

سرکاری یا دفتری خطوط:

دفتری خطوط وہ ہوتے ہیں جو کسی سرکاری محکمے،انتظامیہ،انتظامی امور اور تجارتی لین دین کے مقصد کے

لئے لکھے جاتے ہیں۔جن کی نوعیت مختلف معاملات میں مختلف ہوتی ہے۔اس طرح کے خطوط غیر معمولی اہمیت وافادیت کے حامل ہوتے ہیں۔

نجی یا ذاتی خط

مثال:

(والدصاحب کے نام)

منجانب: ۲۲/دسمبر ۲۰۱۲ء

فہدالطاف

نندی دُرگہ روڈ، بنگلورو۔560 056

بخدمت: عالی جناب والدصاحب

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ بخیر ہوں گے.....میں یہاں بالکل خیریت سے ہوں۔آج کل امتحان چل رہے ہیں۔آپ سے درخواست ہے کہ دعا کریں کہ میرے پرچے اچھے ہوں اور نمایاں کامیابی حاصل ہو۔امّی جان کی طبیعت کیسی ہے؟سلمٰی پڑھ رہی ہے یا نہیں؟اسد اللہ کے پرچے کیسے ہوئے؟امّی جان کی خدمت میں سلام اور چھوٹوں کیلئے پیار۔

آپ کی دعاؤں کا طالب

آپ کا فرمانبردار بیٹا

فہدالطاف

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تجارتی یا کاروباری خط

مثال:

منجانب: ۱۳/اگست ۲۰۱۲ء

منیجر

طاہر گلاس ورکس

18/عزیزالدین روڈ، منگلورو

بخدمت:

منیجر صاحب

جبران گلاس مینوفیکچرنگ انڈسٹریس، ممبئی-45

محترمی! خلوص وسلام

پندرہ دن پیشتر ہم نے ''رنگین اوپیک گلاس'' کا آرڈر روانہ کیا تھا۔ مطلوبہ گلاس کی فراہمی ابھی تک نہ ہوسکی ہے۔ گاہکوں کا تقاضہ دن بدن بڑھتا جارہا ہے۔ جلد از جلد آرڈر کی تکمیل کی کوشش کریں۔

فقط

ذوالفقار، منیجر

طاہر گلاس ورکس،

عزیزالدین روڈ

منگلورو۔

@KSEBS NOT TO BE REPUBLISHED

سرکاری یا دفتری خط

مثال:

بخدمت: ۲؍دسمبر ۲۰۱۲ء

جناب منیجر

امانت کوآپریٹیو بینک، آر ٹی نگر بنگلورو۔۳۲

جناب عالی!

آداب عرض!

موضوع: ٹائپسٹ کم کلرک کی آسامی کے لیے درخواست۔

حوالہ: روزنامہ ''سالار''، بنگلورو مورخہ 15؍مئی 2012ء

مندرجہ بالا حوالہ کے مطابق معلوم ہوا ہے کہ آپ کی مؤقر بینک میں ٹائپسٹ کم کلرک کی ایک آسامی پُر کی جانے والی ہے۔ احقر درخواست گذار ہے اسے ملازمت کے لیے منتخب کر کے خدمت کا موقع دیا جائے۔ میں امید کرتا ہوں کہ میری درخواست پر غور کیا جائے گا۔

میری تعلیمی قابلیت مندرجہ ذیل ہے۔

1) بی۔کام۔درجۂ امتیاز میں کامیابی۔
2) ٹائپ رائٹنگ میں ہائیر اور شارٹ ہینڈ میں کامیابی۔
3) اُردو، کنڑا اور انگریزی زبان میں مہارت۔
4) عمر 22؍سال

آپ کا خدمت گزار

سید نصیرالدین اسحاق نصیؔر

نمبر 85، سداشیوانگر،

ٹمکورو-572101

ادارہ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. الفاظ ومعانی:

گفتگو : بات چیت

مؤقر : مشہور، باعزت

مورخہ : تاریخ

پیغام رسانی: پیغام پہنچانا

آسامی : عہدہ، جائیداد

منجانب : بھیجنے والا

دفاتر : دفتر کی جمع (آفس)

پُر کرنا : بھرتی کرنا

دلکش : دل کو موہ لینے والا

احقر : طالب

امر : کام۔کار

نوعیت : قسم

افادیت : فائدہ

II. درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے۔

1) خط کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟

2) ذاتی خطوط کن کن لوگوں کو لکھے جاتے ہیں؟

3) کاروباری خطوط کسے کہتے ہیں؟

5) اپنے دوست کے نام ایک خط لکھئے جس میں انہیں اپنی سالگرہ کے موقع پر مدعو کیا گیا ہو۔

6) اپنی طبیعت کی ناسازی کی اطلاع دیتے ہوئے اپنے کلاس ٹیچر کے نام درخواست لکھئے جس میں دو دن کی رخصت طلب کی گئی ہو۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

روزمرّہ

ذیل کی مثالوں پر دھیان دیجئے۔

1) کون کتاب چاہئے؟

2) یہ بات اس کے لئے ناگوار ہے۔

اوپر کے دونوں جملے قواعد کے لحاظ سے صحیح ہیں۔لیکن اہل زبان اسے غلط سمجھتے ہیں۔ یہ دونوں باتیں بول چال میں اس طرح ہوتی ہیں۔''کون'' صرف جانداروں کے لیے آتا ہے۔ بے جان کے لیے کون کے ساتھ 'سا' یا 'سی' لگاتے ہیں۔ بول چال یا لکھنے پڑھنے میں اہل زبان جس زبان کو استعمال کرتے ہیں وہ روزمرہ، کہلاتا ہے۔

.....

مثال: نو اور دو گیارہ ہوتے ہیں۔ یہ روزمرہ ہے۔

لیکن جب نو اور دو گیارہ کا مطلب بھاگ جانا اور رفو چکر ہونا لیا جائے تو محاورہ کہلائے گا۔

روزمرہ میں بول چال کے معنی اور محاورے میں لغت کے معنی لیے جاتے ہیں۔

روزمرہ کی مثالیں:

بات چیت۔ دو چار۔ ایک نہ ایک۔ آتے جاتے۔

دن بدن۔ ہر روز۔ دس پندرہ۔

سرگرمی:

چند ''روزمرّہ'' کی مثالیں لکھ کر انھیں اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

©KTBS NOT TO BE RE-PUBLISHED

ضرب المثل

ضرب المثل سے مراد وہ مختصر فقرہ ہے جو بذاتِ خود اپنی جگہ مکمل ہوتا ہے لیکن اپنے حقیقی معنوں سے ہٹ کر دوسرے مفہوم میں بطور مثال زبان و ادب میں رواج پاتا ہے۔ ہر ضرب المثل کے پیچھے کوئی نہ کوئی معاشرتی تجربہ یا تہذیبی حقیقت پوشیدہ رہتی ہے۔

جیسے: 1) آپ سے آپ آئے تو آنے دو۔
(یعنی جو چیز بغیر کوشش کے ہاتھ لگے، لے لو)

2) گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے۔
(یعنی اپنا خاص راز دار نقصان پہنچائے تو کہتے ہیں)

3) چور کی داڑھی میں تنکا۔
(یعنی مجرم ہمیشہ خوف زدہ رہتا ہے)

4) دریا میں رہ کر مگر مچھ سے بیر
(جس کے ساتھ ہر وقت اُٹھنا بیٹھنا ہو اس سے دشمنی اچھی نہیں)

5) گھر کی مرغی دال برابر۔
(باہر کی چیز کے مقابلے میں گھر کی چیز کی قدر نہ کرنا۔)

6) دودھ کا دودھ پانی کا پانی۔
(پورا پورا انصاف کرنا)

7) اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا۔
(جان بوجھ کر اپنا نقصان آپ کرنا)

سرگرمی: استاد کی مدد سے چند ضرب الامثال لکھئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:19

غزل

رات گئے بھی جاگ رہا ہے
نیند کے پیچھے بھاگ رہا ہے

چوری کیسے کر سکتا ہوں
مجھ میں کوئی جاگ رہا ہے

اپنی آنکھیں موند کے کوئی
سچّائی سے بھاگ رہا ہے

تپ کر آگ میں سونا بن جا
کیوں دنیا کو تیاگ رہا ہے

لہجہ آئینے کا جامیؔ
کچھ بھی ہو بے لاگ رہا ہے

منیر احمد جامیؔ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تخلیق کار:



نام منیر احمد، تخلص جامیؔ، آپ کی پیدائش 7/ مئی 1953 کو بمقام بنگلور میں ہوئی۔ تعلیم بی۔کام تک ہوئی۔ آل انڈیا ریڈیو اور دور درشن بنگلور سے بطورِ معاون و اسکرپٹ رائٹر وابستہ ہیں۔ نعتوں کا مجموعہ 'نقش لاثانی'، حمدوں کا مجموعہ 'حرفِ ناتمام'، غزلوں کا مجموعہ 'اختراع' منظر عام پر آ چکے ہیں۔

غزل گوئی میں روایات کی پاسداری کے ساتھ جدّت پسندی آپ کی شاعری کی انفرادیت ہے۔ حمد و نعت گوئی میں ایمان و عقیدے کا بھرپور اظہار ملتا ہے۔

I. الفاظ ومعانی:

موند : بند کرنا

تیاگنا : چھوڑنا، قربانی، کنارہ کش ہونا　　بے لاگ : نڈر، بے خوف، پاک، صاف ستھرا

II. ان اشعار کا مطلب لکھئے۔

1. چوری کیسے کرسکتا ہوں　　مجھ میں کوئی جاگ رہا ہے
2. تپ کر آگ میں سونا بن جا　　کیوں دنیا کو تیاگ رہا ہے

III. خالی جگہوں کو پُر کر کے اِن مصرعوں کو مکمل کیجئے۔

1) اپنی۔۔۔۔۔۔موند کے کوئی　　2) تپ کر آگ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بن جا

3) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے پیچھے بھاگ رہا ہے

IV. مندرجہ ذیل اشعار میں قافیوں کی نشاندہی کیجئے۔

1) اپنی آنکھیں موند کے کوئی　　سچائی سے بھاگ رہا ہے

2) تپ کر آگ میں سونا بن جا　　کیوں دُنیا کو تیاگ رہا ہے

V. 'الف' اور 'ب' کو جوڑ کر اشعار مکمل کیجئے۔

'الف'	'ب'
1) رات گئے بھی جاگ رہا ہے	مجھ میں کوئی جاگ رہا ہے
2) اپنی آنکھیں موند کے کوئی	کیوں دنیا کو تیاگ رہا ہے
3) تپ کر آگ میں سونا بن جا	نیند کے پیچھے بھاگ رہا ہے
4) لہجہ آئینے کا جامی	سچائی سے بھاگ رہا ہے
5) چوری کیسے کرسکتا ہوں	کچھ بھی ہو بے لاگ رہا ہے

© IES NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:20

پہیلی۔(نظم)

بوجھو بچّو ایک پہیلی
نئی انوکھی اور البیلی

وہ ہے کونسی ایسی دولت
جو ہے سب سے اچھّی نعمت

ڈاکو اس کو لُوٹ نہ پائے
چوروں کے بھی ہاتھ نہ آئے

جس کے پاس یہ دھن ہوتا ہے
چین آرام سے وہ سوتا ہے

خرچ کرو تو بڑھ جاتا ہے
سب لوگوں کے کام آتا ہے

کوئی اپنے بڑوں سے پائے
کہیں کتابوں سے ہاتھ آئے

نہیں ہے چاندی نہیں ہے سونا
سوچ رہے ہو کیا ؟ بُوجھو نا

ماخوذ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. الفاظ ومعانی:

بُوجھنا : حل کرنا، سوچ کر بتانا

نرالی : تمام چیزوں سے ہٹ کر

انوکھی : عجیب وغریب

دھَن : دولت، پیسہ

پہیلی : معمّہ، ایسی بات جو ذہن پر زور دینے پر ہی سمجھ میں آئے۔

چین : آرام، سکون

II. ان سوالوں کے جواب لکھئے۔


1) علم کی دولت کو کون لوٹ نہیں سکتے؟

2) کونسی دولت چرائی نہیں جاسکتی؟

3) علم کا دھن رکھنے والا چین وآرام سے کیوں سوتا ہے؟

4) علم کیسے ہاتھ آتا ہے؟

III. دیئے گئے خانوں میں حرف لکھ کر الفاظ اس طرح بنائیں کہ آخری حرف سے دوسرا لفظ شروع ہو۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. اِس نظم سے ہم قافیہ الفاظ کو ڈھونڈ کر لکھئے۔

پہیلی:..... دولت:.....

ہوتا: ..... پائے: .....

V. ان پہیلیوں کو پڑھئے اور بوجھئے۔

1) ایک جانور ایسا چلتے چلتے رُک گیا
لاؤ چُھری کاٹو گلا پھر وہ چلنے لگ گیا

2) چوبیس گھنٹے پانچ پکار سن کے نہ آئے تو گنہگار

3) نظر نہ آئے کسی کو چلتی ہے پر پاؤں نہیں
ساری دُنیا میں رہتی ہے اس کا کوئی گاؤں نہیں

4) چار انداز میں ایک ہی شئے رہے، جمے، اُڑے اور بہے

5) بنا پیر میں چلتا ہوں، بنا تیل میں جلتا ہوں
اجالے کو بکھیرتا ہوں، اندھیرا دور کرتا ہوں

6) ایک قلعہ میں برج ہزار، ہر برج میں پہریدار
ایک عجب قلعہ بنایا، نہ مٹی نہ چونا لگایا

7) سو سو رنگ اور روپ دکھائے سو سو طرح سے جی بہلائے
خود نہ گھر سے باہر جائے سب کو جگ کی سیر کرائے

جوابات: (سورج ، پانی ، قلم ، اذان ، ٹی.وی ، ہوا ، شہد کا چھتّہ)

سرگرمی: استاد کی مدد سے آپ بھی چند پہیلیاں لکھئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



سیکھے ہوئے الفاظ

آ

آپ

آمنہ

آزاد

آغاز

الف

اسلام

انصاف

اطاعت

انتقال

امانت دار

اجازت

افسر

انسپکٹر

انتظار

انٹرنیٹ

انفارمیشن

امرود

اردگرد

ابراہیم روضہ

افادیت

امر

اطمینان

اِنس

اٹیچی

اطلاع

اصرار

اوقات

ایڈیٹر

الہلال

البلاغ

اہمیت

انام

الم

اساتذہ

اوقات

اسباب

اعمال

اہلِ یثرب

اعتماد

انصار

الامین

اہلِ عرب

ب

بے کس

بادشاہ

بور

بوجھ

باادب

باوا آدم

بدبخت

بحر

بر

برطانوی

برجستہ

بے ساختہ

پ

پیدائش

پرہیزگار

پرورش

پہچان

پیغام رسانی

پنشن

پنجرہ

پایۂ تخت

پیارے نبیؐ

پرستش

پرچم

پیروی

پیالہ

ت

تنگ

تعمیر

تنکا

ترکیب

توقع

ترقی

تنخواہ

تربیت

ترسیل

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تخلص
تندمزاج
تصاویر
تقریباً
تحریک
تحفہ
تاج باولی
تاریخ

ٹ

ٹہنی
ٹیس ٹیس

ث

ثمر
ثانی
ثابت

ج

جوان
جمعہ
جاہل
جہاں
جامی
جوڑی گنبد

جامع مسجد
جاذبِ نظر
جرأت

چ۔ چھ

چشمہ
چوٹی
چھوٹا
چیونٹی

ح

حضرت
حلیمہ
حکم
حساب
حاضر
حصار
حکومت
حیران
حامی

خ

خاندان
خرید
خلاف

خط
خاطر
خلیفہ
خالق
خشک
خوش قسمت
خطیب
خطبات
خصوصیت
خلافت
خیر مقدم

د

دائی حلیمہ
دعوت
دولت
دنیا
دھن
دشمن
دائر
دلچسپ
درخواست
دولت

دودھ
دلکش
داعیٔ اسلام
دید
دہر

ڈ

ڈالا
ڈر

ذ

ذرّہ
ذہن

ر

روپیہ
روٹی
روکھی
روشنی
رازق
رضامندی
رانچی
ریاض
رہبری
روزمرّہ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

رباعی
روزافزوں
ز
زندگی
زمین
زبردستی
زمانہ
زمیندار
س
سلطان
سوغات
سیر
سلام
سادگی
سڑک
سوٹ بوٹ
سامان
سناٹا
سویرا
ش
شہر
شادی

شاندار
شاگرد
شور
ص
صادق
صارفین
صافہ
صفحہ
صدر
صحن
صراحی
ض
ضائع
ضمیر
ط
طوطا
طارق
ظ
ظہور
ع
عرب
عمر

عزّت
عبادت
عدالت
عدل
عرض
عالی جاہ
علیل
عجائب
عاریتاً
عیاں
عائد
عمدہ
عرفان
عہدِ رفتہ
عادل شاہ
عالی جناب
غ
غریب
غم
غدر
غلّہ
ف

فیض
فرمانبردار
فاضل
فالج
فوراً
فوائد
فردوس
فعل
فاعل
ق
قریش
قبضہ
قیامت
قدم بوس
قُلی
قافلہ
قاضی
قرض
قدم
قانون
قرأت
قلعہ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد
قافیہ
ک
کنیت
کم بخت
کلکتّہ
کانگریس
کلامِ پاک
کوچ
گ
گستاخی
گڑ
گائیڈ
گول گنبد
گشت
گنہگار
گریز
ل
لاڈلی
لرزہ
لاجواب
لیاقت

لہجہ
لاگت
لندن
م
مکّہ
مصیبت
مرتبہ
محل
مقدمہ
مقابلہ
مساوات
مٹی
مدد
معتبر
منظر
مدرسہ
ماہوار
محنت
مقروض
مقرر
مطلب
مٹھائی
محترم

منفرد
منسلک
متعلق
مطالبہ
مفعول
معاملہ
مصرعہ
مذہبِ اسلام
مدینۃ النبیؐ
مظہر
مولوی
ملمع
ن
نیک
نبوت
ناراض
نشانی
نتیجہ
نگہبان
نوعیت
نہاں
نسل
نصیب

ناظرہ
ناراض
نظر بند
و
وسیع
وقت
ولی
وضاحت
واقف
ہ ھ
ہنسی
ہسپانیہ
ہجرت
ہمیشہ
ہفت وار
ہیلی کاپٹر
ہم وزن
ہم قافیہ
ے ی
یقین
یکّہ
یکا یک

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS